Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 پیر، 8 جنوری 2024ء، 25 جمادی الثانی 1445ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 239

عمران خان کے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کیخلاف اپیل پر فیصلہ محفوظ

الیکشن ٹربیونل نے بانی چیئرمین پی ٹی آئی کے میانوالی سے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 89 سے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا

خواجہ محمد آصف کیس میں تنخواہ کا ذکر تھا، توشہ خانہ سے جو چیزیں لی گئیں، کیا ان کی تفصیلات دی گئی؟ ہم یہاں پر توشہ خانہ کیس کے میرٹ پر بات نہیں کر رہے ہیں، ٹربیونل

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) الیکشن ٹربیونل نے بانی چیئرمین پی ٹی آئی کے میانوالی سے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 89 سے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ میں قائم الیکشن ٹربیونل جج جسٹس چوہدری عبدالعزیز نے فیصلہ محفوظ کیا۔ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی انتخابی قسمت کا فیصلہ 10 جنوری کو صبح 10 بجے (بقیہ نمبر 32)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی چلڈرن ہسپتال کے تعمیراتی کام کا جائزہ لے رہے ہیں

نگران پنجاب حکومت نے عوامی خدمت کی نئی تاریخ رقم کردی

وفاقی ایوان صنعت وتجارت کو حقیقی معنوں میں بزنس کمیونٹی کا نمائندہ ادارہ بنائیں گے

ترقیاتی سکیموں کا جال بچھا دیا" وزیر صنعت وتجارت کی یو بی جی کے وفد سے گفتگو

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ پنجاب کی نگران حکومت نے محدود مدت میں عوامی خدمت کی نئی تاریخ رقم کردی، وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی قیادت میں حکومت نے پنجاب بھر میں ترقیاتی سکیموں کا جال (بقیہ نمبر 2)

واپڈا کو خصوصی شخص کی ویلفیئر گرانٹ بحال کرنے کا حکم

واپڈا اہلکاروں نے غیر منصفانہ طور پر حامل معذوری فرد کی ماہانہ گرانٹ بند کی ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (آئی آئی پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے واپڈا کو خصوصی شخص کی ویلفیئر گرانٹ بحال کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ واپڈا ریٹائرڈ ملازم کے معذوری کے حامل بچے کو ویلفیئر گرانٹ بند ہونے کی (بقیہ نمبر 5)

حکومت نے فری لانسرز کا دیرینہ مسئلہ حل کر دیا ہے، ڈاکٹر عمر سیف

حکومت پاکستان اور عالمی سطح پر رقم کی منتقلی اور دنیا بھر میں آن لائن ادائیگیوں کے نظام کو چلانے والی کمپنی پے پال کے درمیان معاہدہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان اور عالمی سطح پر رقم کی منتقلی اور دنیا بھر میں آن لائن ادائیگیوں کے نظام کو چلانے والی کمپنی پے پال کے درمیان معاہدہ طے پاگیا، معاہدے کے تحت ملک میں ترسیلات زر کو ممکن (بقیہ نمبر 4)

پاک بحریہ نے بحیرہ عرب میں جنگی جہاز تعینات کردیئے

اس پٹرولنگ کا مقصد پاکستان اور بین الاقوامی تجارتی بحری جہازوں کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے، ترجمان پاک بحریہ

کراچی (اے ایف پی) پاک بحریہ نے میری ٹائم سکیورٹی کے بحری جنگی جہازوں کو بحیرہ عرب میں تعینات کردیا ہے۔ ترجمان کے مطابق پاکستان کے تجارتی راستوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل پٹرولنگ جاری (بقیہ نمبر 3)

پاکستان نیوی شپ بحیرہ عرب میں پٹرولنگ کررہے ہیں

نگراں حکومت کسی ایسی سرگرمی کا حصہ نہیں بنے گی جس سے الیکشن کمیشن کے کام میں مداخلت ہو

ملک خطرات کے باوجود الیکشن میں جاسکتا ہے: مرتضی سولنگی

ہماری سکیورٹی فورسز باصلاحیت ہیں، الیکشن کی تاریخ دینا یا الیکشن کی تاریخ میں تبدیلی کرنا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے، الیکشن کے التوا سے متعلق سینیٹ کی قرارداد پر تبصرہ نہیں کریں گے،

نگراں حکومت کسی ایسی سرگرمی کا حصہ نہیں بنے گی جس سے الیکشن کمیشن کے کام میں مداخلت ہو، حکومت کا کام ججوں کے تبصرے پر تبصرہ کرنا نہیں، عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد کرانا ہے، نگران وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی نے کہا ہے کہ ہماری سکیورٹی فورسز باصلاحیت ہیں، ملک خطرات کے باوجود الیکشن میں جاسکتا ہے۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی نے کہا کہ وہ الیکشن کے التوا سے متعلق سینیٹ کی قرارداد پر تبصرہ نہیں کریں گے، نگراں حکومت کسی ایسی سرگرمی کا حصہ نہیں بنے گی جس سے الیکشن کمیشن کے کام میں مداخلت ہو۔ ایک سوال پر وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا (بقیہ نمبر 1)

حماد اظہر کے کاغذات مسترد ہونے کے خلاف اپیل خارج

اپیلیٹ ٹربیونل کے جج جسٹس طارق ندیم نے ریٹرننگ آفیسر کا فیصلہ برقرار رکھا

لاہور (اے ایف پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر حماد اظہر کے کاغذات مسترد ہونے کے خلاف اپیل خارج کردی گئی۔ پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کی جانب سے لاہور کے حلقہ این اے 129 سے کاغذات مسترد کرنے کے خلاف اپیل دائر کی گئی تھی جسے اپیلیٹ ٹربیونل نے خارج کر دیا ہے۔ اپیلیٹ ٹربیونل کے جج جسٹس (بقیہ نمبر 6)

الیکشن ٹربیونل سے نااہلی، شاہ محمود کا لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما شاہ محمود قریشی نے نااہلی سے متعلق الیکشن ٹربیونل کا فیصلہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کریں گے۔ رہنما تحریک انصاف مخدوم شاہ محمود قریشی آبائی شہر ملتان (بقیہ نمبر 7)

کار اور مسافر کوچ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، 5 افراد جاں بحق

فائرنگ کے نتیجے میں دونوں گاڑیوں میں 5 افراد جاں بحق اور تین زخمی ہوگئے۔ مرنے والوں میں ایک خاتون بھی شامل ہے

واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ادارے جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ لاشوں اور زخمیوں کو قریبی اسپتال منتقل کیا

پشاور (آئی آئی پی) صوبہ خیبر پختونخوا میں لوئر کرم صدہ شہر کے قریب کار اور مسافر کوچ پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کی جس کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق اور تین زخمی ہوگئے۔ یہ واقعہ اتوار کی صبح پیش آیا جب پارہ چنار سے پشاور جانے والے ایک کار اور مسافر کوچ پر صدہ بائی پاس کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی اور فرار ہوگئے۔ فائرنگ کے نتیجے میں دونوں گاڑیوں میں 5 افراد (بقیہ نمبر 8)

محسن نقوی کا چلڈرن ہسپتال کا دورہ، اپ گریڈیشن کا کام تیز کرنے کی ہدایت

پنجاب میں 100 سے زائد ہسپتالوں میں سہولتوں کی بہتری کا ٹاسک 31 جنوری تک مکمل کریں گے،

پوری ٹیم دن رات کوشاں ہے خلوص نیت سے کی جانے والی محنت کا ثمر عوام کو ضرور ملے گا، نگران وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (اے ایف پی) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے چلڈرن ہسپتال کی ایمرجنسی اور دیگر وارڈز میں اپ گریڈیشن کا کام تیز کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے رات گئے شدید سردی میں چلڈرن ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور ہسپتال کی اپ گریڈیشن کے کاموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ محسن نقوی نے مین کوریڈور، استقبالیہ کاؤنٹرز کا معائنہ کیا اور کام کے معیار کو چیک کیا۔ (بقیہ نمبر 22)

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی چلڈرن ہسپتال کے دورے کے موقع پر تعمیراتی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہے ہیں

ورکرز کنونشن میں پیپلز پارٹی کے کارکن لڑ پڑے، لاتوں، گھونسوں کی بارش

بلاول بھٹو کی آمد سے قبل جیالے کرسی پر بیٹھنے کے معاملے پر جھگڑے، پولیس نے بیچ بچاؤ کرایا

لاہور (این این آئی) لاہور میں پاکستان پیپلز پارٹی کے ورکرز کنونشن کے دوران کارکن آپس میں لڑ پڑے، ایک دوسرے پر لاتوں اور گھونسوں کی بارش کردی۔ (بقیہ نمبر 9)

سرگودھا، ٹریکٹر ٹرالی کا ڈرائیور کماد تلے دب کر جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) ٹریکٹر ٹرالی کا ڈرائیور کماد تلے دب کر جان بحق ہو گیا جس کی نعش کو نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا خوشاب روڈ پر خونی جھیل کے قریب کماد سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی سے لوہے کی تار ٹوٹنے جانے سے کماد ٹریکٹر ڈرائیور 40 سالہ اشرف پر جاگرا جس تلے دم پر ڈرائیور موقع پر جاں بحق ہو گیا جس کی نعش کو کماد سے نکال کر ریسکیو ٹیم نے ہسپتال (بقیہ نمبر 11)

مفت کھانا نہ دینے پر پولیس اہلکاروں کا ہوٹل ملازم پر تشدد

ہوٹل مالک نے اہلکاروں کیخلاف ڈی آئی جی آپریشنز کو درخواست جمع کروادی

لاہور (این این آئی) بیگم کوٹ چوکی کے پولیس اہلکاروں نے مفت کھانا نہ دینے پر ہوٹل کے ملازم کو شدید تشدد کا نشانہ بناڈالا۔ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی منظر عام پر آگئی جبکہ ہوٹل مالک نے پولیس اہلکاروں کے خلاف ڈی آئی جی آپریشنز کو درخواست جمع (بقیہ نمبر 10)

بیشتر علاقوں میں گیس کی بدترین لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ نہ رک سکا

گیس مہنگی ہونے کے باوجود آتی بھی نہیں ہے البتہ بھاری بھرکم بل ضرور آجاتے ہیں، صارفین

اسلام آباد (این این آئی) گھریلو صارفین کے لیے گیس کی قیمت میں 200 فیصد تک اضافہ ہونے کے باوجود ملک کے بیشتر علاقوں میں گیس کی بدترین (بقیہ نمبر 23)

حکومت ٹرانسجینڈر کمیونٹی کے بنیادی حقوق محفوظ بنانے کیلئے پر عزم ہے، مشعال ملک

ضلعی کمیٹیاں ٹرانسجینڈر کمیونٹی سے متعلق جامع ڈیٹا اکٹھا کرے گی، 0.3 ملین سے زیادہ خواجہ سرا سرکاری طور پر متعلقہ سرکاری محکمے میں رجسٹرڈ ہیں، معاون خصوصی

یہ مہم نہ صرف عوامی بیداری پر کام کرے گا بلکہ ٹرانس جینڈر کمیونٹی کے تحفظ، روزگار کے مواقع اور ہنر کی ترقی کے پروگراموں پر بھی توجہ مرکوز کرے گا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں، مشعال حسین ملک نے ملک بھر میں نچلی سطح پر ٹرانسجینڈر کمیونٹی کے بنیادی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے حکومت کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ وہ دریچہ اور اے کیو خان فاؤنڈیشن کے تعاون سے منعقدہ "نان بائنری اور ٹرانس جینڈر افراد کی فلاح و بہبود اور کمیونیکیشن ڈیولپمنٹ" ورکشاپ سے خطاب کر رہی تھی۔ ورکشاپ سے معاون خصوصی کی فوکل پرسن، محترمہ سبین حسین ملک اور معاون خصوصی کے مشیر برائے آرٹ، کلچر (بقیہ نمبر 17)

جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن، نائب وزیر اعظم مولوی عبدالکبیر سے ملاقات کررہے ہیں

شدید دھند کی وجہ سے متعدد مسافر ٹرینیں گھنٹوں تاخیر کا شکار

مسافروں اور ان کے عزیز و اقارب کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا

لاہور (این این آئی) شدید دھند کی وجہ سے متعدد مسافر ٹرینیں گھنٹوں تاخیر کا شکار رہیں جس کی وجہ سے مسافروں اور ان کے عزیز و اقارب کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ رپورٹ کے مطابق کراچی سے پشاور جانے والی خیبر میل ایکسپریس 1 گھنٹہ (بقیہ نمبر 25)

اپیلیٹ ٹربیونل کے فیصلوں کیخلاف لارجر بنچ (کل) سے درخواستوں کی سماعت کا آغاز کریگا

لاہور (این این آئی) اپیلیٹ ٹربیونل کے فیصلوں کے خلاف لارجر بنچ کل (منگل) سے درخواستوں کی سماعت کا آغاز کرے گا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے تشکیل کردہ لارجر بنچ کی سربراہی (بقیہ نمبر 24)

وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق وترقی نسواں مشعال حسین ملک کو شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت یا ملی بھگت؟

سبزیوں پھلوں کی قیمتیں آسمان پر جا پہنچیں

مارکیٹ کمیٹی کے سرکاری قیمتیں روزانہ جاری نہ کرنے سے مرغی اور انڈے بلیک میں فروخت ہونے لگے

پام آئل 22 سو ڈالر ٹن سے قیمتیں 750 ڈالر ٹن پر آنے کے باوجود اس تناسب سے ریلیف نہیں پہنچایا جا رہا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) جڑواں شہروں کی مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے روزانہ کی سطح پر پرائس لسٹ جاری نہ کرنے سے مارکیٹ میں من مانے نرخوں پر اشیائے خورونوش، پھل اور سبزیاں فروخت کرنے کی شکایات میں اضافہ ہوگیا ہے۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی، کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے فوری نوٹس لینے اور ذمہ داران کیخلاف کارروائی (بقیہ نمبر 12)

چھٹی کے روز بھی شہر کے تمام لائسنس دفاتر کھلے رہے

لبرٹی پولیس خدمت مرکز میں ون ونڈو آپریشن کامیابی سے جاری

لاہور (این این آئی) چھٹی کے روز بھی شہر کے تمام لائسنس دفاتر کھلے رہے۔ اس حوالے سے چیف ٹریفک آفیسر عمارہ اطہر نے کہا کہ چھٹی کے باوجود شہر کے تمام (بقیہ نمبر 18)

پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں غفلت کی گنجائش نہیں: جمال ناصر

صوبائی ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو کا ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران، اہلکاروں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

پولیو کا خاتمہ قومی ایجنڈا ہے، مسڈ چلڈرن کو ویکسین کے قطرے پلانے بارے جعلی ڈیٹا بھجوانے والے عملہ کیخلاف کارروائی ہوگی۔ چیف سیکرٹری

لاہور (آئی آئی پی) صوبائی ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو کا ایک اہم اجلاس سول سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ غفلت اور ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران اور اہلکاروں کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیر پرائمری ہیلتھ ڈاکٹر جمال ناصر اور چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت اجلاس میں انسداد پولیو مہم کا معیار بہتر بنانے اور (بقیہ نمبر 26)

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

ساہیوال، ہڑپہ دربار سے خاتون کا اغوا گینگ ریپ، دو ملزم گرفتار

ساہیوال (این این آئی) دربار محمود لنگا ہڑپہ سے دو مسلح افراد محنت کش کی نوجوان بیوی کا اغوا اور گینگ ریپ، پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ واقعات کے مطابق قصبہ ہڑپہ کے محنت کش عالم شیر محنت مزدوری کے لیے کمالیہ گیا ہوا تھا اور اس کی بیوی اپنے بچوں کے ہمراہ گھر پر تھی کہ محمد بشیر ماچھی اور فلک شیر ایک نامعلوم دوست کے (بقیہ نمبر 13)

ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار دو افراد جاں بحق

حادثہ گزشتہ روز تھانہ دھمیال کے علاقے چکری روڈ موڑا چھپر پیش آیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ افسوس ناک حادثہ گزشتہ روز تھانہ دھمیال کے علاقے چکری (بقیہ نمبر 19)

نااہلی سے متعلق الیکشن ٹربیونل کا فیصلہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کرینگے

شاہ محمود قریشی آبائی شہر ملتان کے انتخابی میدان سے باہر ہونے سے انکاری ہوگئے

شاہ محمود کی بیٹی مہر بانو اور بیٹے زین قریشی کو الیکشن لڑنے کیلئے اہل قرار دیدیا

ملتان (آئی آئی پی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما شاہ محمود قریشی نے نااہلی سے متعلق الیکشن ٹربیونل کا فیصلہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کریں گے۔ رہنما تحریک انصاف مخدوم شاہ محمود قریشی آبائی شہر ملتان کے انتخابی میدان سے باہر ہونے سے انکاری ہوگئے، شاہ محمود قریشی الیکشن ٹربیونل ملتان سے نااہلی کے معاملے کو لاہور ہائیکورٹ لارجر بنچ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سابق وزیر خارجہ کے وکلا نے الیکشن ٹربیونل کے (بقیہ نمبر 15)

ایف بی آر ایس آر او 1842(1)2023 میں فوری ترمیم کی جائے، لاہور چیمبر

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران کی طرف سے اٹھائے گئے تحفظات کو دور کرنے کے لیے لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور نے چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو، ملک امجد زبیر ٹوانہ کو ایک خط میں ایس آر او (بقیہ نمبر 14)

پیپلز پارٹی کے ورکرز کنونشن میں کارکن آپس میں لڑ رہے ہیں

ساہیوال، زہریلا انجکشن لگنے سے 25 سالہ نوجوان جاں بحق

ساہیوال (این این آئی) واپڈا میپکو گرڈ اسٹیشن طارق بن زیاد کالونی کے گیٹ سے ایک 25 سالہ نوجوان کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس فتح شیر نے لاش پوسٹ مارٹم کیلئے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال (بقیہ نمبر 28)

پنجاب بھر میں 890 ٹریفک حادثات میں 7 افراد جاں بحق 918 زخمی

لاہور (آئی آئی پی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 890 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 401 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا (بقیہ نمبر 30)

چکری روڈ اور گردونواح میں تجاوزات کیخلاف کارروائیاں جاری

سڑکوں، فٹ پاتھوں پر تجاوزات کسی صورت قبول نہیں، انفورسمنٹ انسپکٹر ثاقب علی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ضلع کونسل ریگولیشن آفیسر کی ہدایت پر گزشتہ روز انفورسمنٹ عملے نے چکری روڈ گردونواح میں تجاوزات کیخلاف کارروائی کی، انفورسمنٹ انسپکٹر ثاقب علی کے مطابق تجاوزات کنندگان کو دس ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا سڑکوں فٹ پاتھوں پر تجاوزات کسی صورت قبول نہیں، انہوں نے تجاوزات کے مرتکب (بقیہ نمبر 27)

کوچ اور کار میں تصادم کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق

6 سے زائد زخمی، جاں بحق اور زخمیوں میں مرد اور خواتین شامل ہیں

ایبٹ آباد (آئی آئی پی) ہزارہ موٹروے پر کوچ اور کار میں تصادم کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق جبکہ 6 سے زائد زخمی ہوگئے۔ افسوس ناک حادثہ ہزارہ موٹروے شاہ مقصود کے قریب تیز رفتاری اور دھند کے باعث پیش آیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو اور پولیس موقع پر پہنچ گئیں، تصادم سے 3 افراد موقع پر دم توڑ گئے جبکہ 6 سے زائد زخمی (بقیہ نمبر 29)

چیف ایگزیکٹو کریسنٹ آرٹ گیلری سمیر ناصر، گورنر سندھ کو ان کا پورٹریٹ پیش کر رہے ہیں

سیاسی میدان میں سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی ایک اور کامیابی

راجہ احتشام فاروق کی برادری سمیت راجہ پرویز اشرف راجہ خرم پرویز کی حمایت کا اعلان

گوجر خان (قمر شہزاد) سیاسی میدان میں سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی ایک اور کامیابی چیئرمین کلین ٹیم پاکستان راجہ احتشام فاروق معروف ٹرانسپورٹر راجہ اورنگزیب مرحوم کے صاحبزادے راجہ توقیر ماسٹر راجہ فاروق صوبیدار حسن اختر راجہ کاتب راجہ آصف اپنی برادری دوست احباب کے ہمراہ راجہ پرویز اشرف راجہ خرم پرویز (بقیہ نمبر 20)

صنم جاوید کے کاغذات مسترد کئے جانے کے خلاف اپیل خارج

لاہور (اے ایف پی) پاکستان تحریک انصاف کی کارکن صنم جاوید کے کاغذات مسترد کئے جانے کے خلاف اپیل خارج ہوگئی۔ اپیلیٹ ٹربیونل نے لاہور کے حلقے این اے 119، 120 اور پی پی 150 سے صنم جاوید کے کاغذات مسترد کرنے کیخلاف اپیل خارج کردی ہے۔ اپیلیٹ ٹربیونل کی جانب سے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کا (بقیہ نمبر 31)

پی پی 8 کی تعمیر وترقی کا مشن لے کر نکلا ہوں، شاہد صراف

گوجر خان کو ضلع کا درجہ دلوانا ٹراما سنٹر کی فعالی پوٹھوہار یونیورسٹی کا قیام میری اولین ترجیح ہوگی

گوجر خان (قمر شہزاد) حلقہ پی پی 8 سے منتخب ہو کے ڈرائنگ روم کی سیاست کا خاتمہ کر دوں گا تمام فیصلے عوامی ہوں گے اپنے حلقہ کے عوام کی منشا کے مطابق ہوں گے گوجر خان کو ضلع کا درجہ دلوانا ٹراما سنٹر کو فعال بنانا پوٹھوہار یونیورسٹی کا گوجر خان میں قیام میری اولین ترجیح ہوگی حلقہ پی پی 8 کی تعمیر وترقی کا مشن لے کر نکلا ہوں حلقہ کے عوام کی محبت (بقیہ نمبر 21)

غیر قانونی گیس کنکشن کے خلاف کارروائی، مزید کنکشن منقطع

مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 347 گیس کنکشن منقطع کر دیے گئے

ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 25 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 25 گیس کنکشن منقطع مزید 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 13 گھریلو کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 23 کنکشن منقطع کیے۔ راولپنڈی اور اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 98 کنکشن منقطع کیے گئے اور 0.3 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ شیخوپورہ میں غیر قانونی استعمال پر 47 کنکشن منقطع کیے گئے اور 0.03 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 25 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 25 گیس کنکشن منقطع مزید 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور/کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 93 کنکشن منقطع کیے اور 3.05 ملین کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ساہیوال میں ٹیم نے کمپریسر (بقیہ نمبر 16)

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بجلی مزید مہنگی

نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے فی یونٹ بجلی مزید مہنگی کردی ہے۔نیپرا نے بجلی 4 روپے 21 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ اضافہ نومبر کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کیا گیا ہے نیپرا کے مطابق، بجلی صارفین کو جنوری کے بلوں میں اضافی ادائیگیاں کرنا ہوں گی۔نیپرا کے نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ اضافے کا اطلاق لائف لائن اور کے الیکٹرک صارفین پرنہیں ہوگا۔حکومت نے یہ عجیب تماشا بنایا ہوا ہے کہ سال میں بجلی اور گیس کی قیمتیں کئی بار بڑھائی جاتی ہیں۔اسی طرح پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ تو خوب کیا جاتا ہے لیکن جب بین الاقوامی منڈی کے مطابق نرخ کم کرنے کی باری آتی ہے تو یا قیمتیں برقرار رکھی جاتی ہیں یا ان میں معمولی سی کمی کردی جاتی ہے۔اس صورتحال سے حکومت عوام کو ریاست کے خلاف بدگمان کررہی ہے۔ ملک کے معاشی مسائل کی جڑ درحقیقت اشرافیہ کو سرکاری خزانے سے دی جانے والی مراعات وسہولیات ہیں جن میں کمی لانے پر کوئی توجہ ہرگز نہیں دی جارہی اور وجہ اس کی یہ ہے کہ وہ طاقتور حلقے جو ملک کو پوری طرح اپنے شکنجے میں لیے ہوئے ہیں وہ خود ہی اشرافیہ ہیں۔عوام کے پاس تو پھر ایک ہی راستہ بچ جاتا ہے کہ وہ سول نافرمانی پر اتر آئیں اور اشرافیہ کو باور کرائیں کہ وہ ان کا غلامی کا بوجھ مزید نہیں ڈھو سکتے۔یہ سراسر ظلم اور ناانصافی ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہورہی ہے لیکن حکومت فیول ایڈجسٹمنٹ کے نام پر بجلی کے بلوں میں اضافہ کررہی ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ گزشتہ مہینوں کے دوران پٹرول کے نرخوں میں جتنی کمی ہوئی ہے اس کے مطابق بجلی کی قیمتوں میں کمی کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے۔حکومت ان ظالمانہ ہتھکنڈوں سے گریز کرے بصورتِ دیگر اسے سخت عوامی ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔

نہری بھل صفائی۔۔۔۔۔۔حکومت پنجاب کا احسن اقدام

تحریر۔۔۔محمد فیصل بیگ

نہری پانی عطیہ خداوندی ہے۔قدرت نے زمین کی زرخیزی کو بحال کرنے میں اس پانی میں بے پناہ صلاحیت رکھی ہے۔نہری پانی زرعی شعبہ کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔پنجاب جو کہ دنیا بھر میں اپنے سب سے بڑے اور بہترین نہری نظام کی بدولت منفرد اہمیت رکھتا ہے اور یہ خطہ اپنی زرعی پیداوار کے لئے بھی اپنی منفرد پہچان رکھتا ہے۔نہری پانی ہی اس خطہ کی زرخیزی، بہترین پیداوار، اناج اور پھلوں کی پیداوار میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔موجودہ حکومت پنجاب نے نہری پانی کو ٹیل تک پہنچانے اور اس کے ضائع ہونے کو ختم کرنے کے لئے بڑے پیمانہ پر بھل صفائی مہم شروع کی ہے۔اس بھل صفائی مہم کو پورے پنجاب میں شروع کروانے کا سہرا وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کے سر جاتا ہے۔انہوں نے زرعی شعبہ کی اہمیت کے پیش نظر بنیادی اہمیت کے حامل اس منصوبہ کو اپنی ترجیح بنایا۔

فیصل آباد ڈویژن میں کمشنر فیصل آباد سلوت سعید صاحبہ نے اس بھل صفائی مہم کو نتیجہ خیز بنانے کے لئے نہ صرف انتظامی افسران بلکہ محکمہ انہار کے محکمہ زراعت اور محکمہ واٹر مینجمنٹ کے افسران کو بھی بھل صفائی مہم میں ذمہ داریاں تفویض کرتے ہوئے ان کے لئے اہداف مقرر کئے تاکہ وہ بھل صفائی مہم کو مطلوبہ ہدف تک لے جائیں۔اس سلسلہ میں ڈویژن اور اضلاع کی سطح پر اقدامات کئے گئے ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر یہ محکمہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایت پر پنجاب میں تقریباً 1112 نہروں کو دس سال بعد پہلی بار بھل صفائی کی جارہی ہے، یہ عمل 26 دسمبر سے شروع ہو چکا ہے جو 20 جنوری 2024 تک مکمل ہوگا۔وزیراعلیٰ پنجاب نے تمام ڈویژنل کمشنرز کو نہروں کی صفائی کی نگرانی کی ذمہ داریاں سونپ دی ہیں۔وزیراعلیٰ نے تمام کمشنرز کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمام سرگرمیوں کی جامع نگرانی کو یقینی بناتے ہوئے، صفائی کے عمل کے دوران فیلڈ میں سرگرمی سے حصہ لیں۔انہوں نے نہروں کی صفائی اور مرمت دونوں سرگرمیوں پر محتاط توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔نہری پانی کی چوری کو مؤثر طریقے سے روکنے کی کوشش میں، وزیراعلیٰ نے انتظامی افسران کو اپنے متعلقہ اضلاع میں کریک ڈاؤن شروع کرنے کی ہدایت کی ہے۔انہوں نے ان پر زور دیا کہ وہ اس مسئلے کو ختم کرنے کے لیے فیصلہ کن اقدام کریں۔وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی ڈی سیلٹنگ پروگرام اور نہری پانی کی چوری کے خلاف اقدامات کی خود مانیٹرنگ کرینگے۔

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایت پر 15300 میل لمبی نہروں کی بھل صفائی کی جائے اس سلسلہ میں پی اینڈ ڈی کے چیئرمین، آبپاشی، زراعت کے افسران پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے تاکہ ڈیسلٹنگ کا طریقہ وضع کیا جاسکے۔صوبے بھر میں صفائی مہم کی تکمیل سے 3 سے 4 لاکھ ایکڑ اراضی کو پانی فراہم کیا جائے گا۔منگلا ڈیم کی نہریں پہلے مرحلے میں 26 دسمبر سے 13 جنوری تک بند کی جائیں گی۔تربیلا ڈیم کی نہریں دوسرے مرحلے میں 13 جنوری سے 31 جنوری تک بند رہیں گی' پنجاب میں نہروں کی بندش کے بعد تین مرحلوں میں صفائی مہم کا آغاز کیا جائے گا۔صوبہ بھر میں جنوری کا ہفتہ صوبے بھر میں صفائی کی صورتحال کی ایک سیٹلائٹ امیج فراہم کرے گا۔ڈیٹا روزانہ صبح 10 بجے اریگیشن مانیٹرنگ ایپ پر اپ لوڈ کیا جائے گا۔

ڈویژنل کمشنر فیصل آباد کمشنر سلوت سعید نے نہروں کی بھل صفائی کی پراگریس کو روزانہ مانیٹر کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے نمبرداروں اور سیکرٹری یونین کونسلز کو بھی بھل صفائی مہم میں شامل کرنے کی ہدایت کی ہے جبکہ ڈپٹی کمشنرز اپنے اپنے اضلاع میں بھل صفائی کی جاری مہم کی مسلسل نگرانی کررہے ہیں۔13 جنوری تک فیز ون اور 31 جنوری تک دوسرے مرحلہ میں بھل صفائی کے سو فیصد اہداف مکمل ہوجائیں گے۔تمام محکموں کی مربوط کاوشوں سے کسانوں کو ٹیل تک پانی کی فراہمی کے لئے بھل صفائی کا ٹاسک پورا کرنا ہے۔فیصل آباد کینال ڈویژن میں بھی بھل صفائی کی مہم سردی کی شدت کے باوجود بھرپور اور تیز رفتاری سے جاری ہے اور چند دنوں میں 24 کینال مائلز میں سے 8 کینال مائلز کا کام مکمل ہوگیا ہے۔عملہ کینال ڈویژن کی نہروں میں بھل صفائی کے مطلوبہ اہداف مقررہ ٹائم فریم میں مکمل کرانے کے لئے پرعزم ہیں۔ روزانہ کی رپورٹ مرتب اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے علاوہ محکمہ انہار کے افسران موقع پر موجود رہ کر تمام تر عمل کی نگرانی بھی کررہے ہیں۔ کینال ڈویژن میں تین بڑی نہروں پر بھاری مشینری کی مدد سے ڈی سلٹنگ کر کے کسانوں کو ٹیل تک پانی کی دستیابی یقینی بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔

اس وقت پاکستان میں آبپاشی کے نظام کے انتظام میں ادارہ جاتی اصلاحات کی جارہی ہیں۔نئے کسانوں کی شمولیت کے ساتھ شراکتی آبپاشی کے انتظام کو متعارف کرایا گیا جس کے نتیجے میں پانی کی تقسیم میں بہتری آنے کی امید ہے۔کسانوں کے مقامی پانی کے انتظام کے اقدامات کے اثرات، قدر اور صلاحیت کی چھان بین کریں۔پاکستان میں ایسی اسکیموں میں آبپاشی کا انتظام اور زیر زمین پانی کے استعمال کی پائیداری کی جاتی ہے۔پانی کے لیے کسانوں کے اقدامات کا تجزیہ کرنے کے لیے تقابلی مطالعہ کا طریقہ استعمال کیا گیا 232,000 ہیکٹر کا کمانڈ ایریا۔دو ڈسٹری بیوٹریوں کے ساتھ چھ واٹر کورسز کو گہرائی سے مطالعہ کے لیے منتخب کیا گیا تھا۔1885 اور 1940 کے درمیان بیاس اور ستلج کے مغرب میں اور دریائے جہلم کے مشرق میں 9 کینال کالونیاں بنائی گئیں۔مجموعی طور پر، 10 لاکھ سے زیادہ پنجابی نئی کالونیوں میں آباد ہوئے، جس نے وسطی پنجاب میں آبادی کے دباؤ کو دور کیا۔جدید نہری نظام بنیادی طور پر 18 ویں صدی اور 19 ویں صدی کے اوائل کی پیداوار تھا جس نے پنجاب میں زراعت کو بہت بہتر کیا۔اسوقت پنجاب میں مون سون سے زیادہ بارشیں نہیں ہوتی تھیں۔اس لیے دریائی پانی کو پنجاب میں زرعی کھیتوں تک لے جانے کے لیے نہریں ضروری تھیں۔لہٰذا، نہروں نے پنجاب میں زراعت کی پیداواری صلاحیت کو بڑھایا۔1970 تک پنجاب ملک کے کل اناج کا 70 فیصد پیدا کررہا تھا، اور کسانوں کی آمدنی میں 70 فیصد سے زیادہ اضافہ ہو رہا تھا۔لاہور کینال بمباوالی، راوی، بیدیاں (BRB) نہر سے شروع ہوتی ہے جو پاکستان میں پنجاب کے شہر لاہور کے مشرق سے گزرتی ہے۔37 میل (60 کلومیٹر) طویل آبی گزرگاہ ابتدائی طور پر مغلوں نے بنائی تھی۔اس کے بعد اسے 1861 میں انگریزوں نے اپ گریڈ کیا تھا۔یہ شہر کے ثقافتی ورثے کا ایک اہم حصہ ہے۔اس نہر کا انتظام پنجاب کے محکمہ آبپاشی کے لاہور زون کے پاس ہے۔نہر، آبپاشی کے لیے اپنی اہمیت کو چھوڑ کر، ایک منفرد لکیری پارک کا مرکز بناتی ہے جو طویل ترین عوامی گرین بیلٹ اور مقبول تفریحی مقامات میں سے ایک ہے۔نہر کی اوسط گہرائی 5 فٹ (1.5 میٹر) ہے اور اس کے دونوں طرف سڑکیں بنی ہوئی ہیں جسے کینال بینک روڈ کہا جاتا ہے۔مقامی اور قومی تہواروں پر، نہر کو روشنیوں اور سجاوٹ سے روشن کیا جاتا ہے۔لاہور شہر کے مشرق میں بمبوالی راوی بیدیاں (BRB) کینال پہلے ہی مغل دور میں تعمیر کی گئی تھی۔تاہم، برطانوی راج کے دوران، انگریزوں نے بمباوالی، راوی، بیدیاں (BRB) نہر کو کاٹ کر اسے مغرب کی طرف (شہر لاہور) میں رائیونڈ کے قصبے تک پھیلا دیا، جو لاہور کے جنوب میں واقع ہے۔اسی طرح فیصل آباد میں نہر کی توسیع کا خیال ممکنہ طور پر اس لیے ابھرا کیونکہ 1837-38 میں برصغیر میں ایک تباہ کن قحط کے بعد آبپاشی کے نظام کی ضرورت محسوس کی گئی۔گرمیوں میں نہروں کا نظارہ فیصل آباد کے باسیوں کے لیے راحت کا باعث ہے۔ان گرم، ابلتے ہوئے دنوں میں سینکڑوں لوگ نہانے کے لیے آتے ہیں۔وہ تربوز کھاتے ہیں اور عام طور پر نہر کناروں میں اچھا وقت گزارتے ہیں۔نوجوان لڑکے ہجوم بناتے ہیں لیکن شام کے وقت ایک اچھی خاصی تعداد کناروں پر بیٹھے نظر آتی ہے۔فیصل آباد کینال پر پکنک اسپاٹس سمیت انفراسٹرکچر کی ترقی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔موجودہ تناؤ کے دور میں تفریحی سہولیات کی فراہمی انتہائی اہمیت کی حامل ہے، اس لیے پارکس اور کھیل کے میدان ترجیحی بنیادوں پر تیار کیے جا رہے ہیں۔پارکس میں بین الاقوامی معیار کی تفریحی سہولیات مہیا کی گئیں جبکہ فیصل آباد کینال پر پرکشش پکنک سپاٹ بھی بنائے جانے کے منصوبہ جات شامل ہیں۔

مجوزہ منصوبے کے تحت حکومت نہروں کی صفائی کے لیے پانی کے بہاؤ کو چند ہفتوں کے لیے روکے گی اور کسی بھی حادثے سے بچنے کے لیے اسے ڈیزائن کرے گی۔نہر میں مختلف مقامات پر سیڑھیاں بنائی جائیں گی جن کے اطراف میں بورڈز لگائے جائیں گے جس میں نہر کی گہرائی کا ذکر کیا جائے گا تاکہ بعض جگہوں پر بچوں کو تیرنے سے منع کیا جاسکے۔مناسب دیکھ بھال کے ساتھ بیٹھنے کی جگہوں پر کھانے کے مناسب سٹال اور سبزہ کو بھی یقینی بنایا جائے گا تاکہ ان مہمانوں کی تفریح کی جاسکے جو تیرنا نہیں جانتے۔

حکومت ملکی ثقافتی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بین الاقوامی معیار کے مطابق سہولیات فراہم کرے گی۔فیصل آباد شہر میں سے گزرنے والی نہر کو ڈویلپ کرنے کے لئے یہ سہولت نہر کی گہرائی کے لحاظ سے منتخب پوائنٹس پر فراہم کی جائے گی۔پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی (پی ایچ اے) اس منصوبے کی سربراہی کرے گی جبکہ دیگر محکمے بشمول ٹورازم، کیمونیکیشن اینڈ ورکس اینڈ اریگیشن مجوزہ ترقیاتی کام کو بعد میں انجام دیں گے۔

بھل صفائی مہم کے نتائج نہ صرف نہری نظام کی بہتری لائیں گے بلکہ صوبہ کے کسانوں کو اپنی فصلوں کے لئے مطلوبہ مقدار میں پانی بھی دستیاب ہوگا جس سے ہماری پیداوار بڑھے گی۔

عوامی اور سیاسی دھاندلیاں

تحریر۔تنویر ساحر

شاید ہی کوئی پاکستانی الیکشن ایسا ہو، جس سے پہلے یا بعد میں دھاندلی کا شور نہ اُٹھا ہو۔کسی بھی الیکشن میں دھاندلی کا تعین کرنے سے پہلے ہمیں یہ تصور کرنا ہوگا کہ درحقیقت الیکشن کیا ھے؟ اور کس لیے ھے؟ اب الیکشن سسٹم کا پہلا جواب تو یہ ھے کہ اسکے ذریعے بالغ لوگ اپنی خفیہ رائے دیتے ہیں کہ فلاں امیدوار ملک کی نمائندگی کے لیے بہترین ھے، اور جس کے حق میں اکثریتی لوگوں کی رائے آجائے وہ کامیاب قرار پاتا ھے۔کسی بھی قومی یا صوبائی اسمبلی میں جتنے بھی مقررہ نمائندے کامیاب ہوتے ہیں؛ وہ پھر اپنی رائے سے ایک وزیراعظم منتخب کر لیتے ھیں۔

ہمارا دوسرا سوال تھا کہ الیکشن کس لئے ھے؟ یہ وہ تلخ حقیقت ھے جس کی آج تک پوری پاکستانی قوم کو سمجھ ہی نہیں آسکی،،، جس کا خمیازہ یہ ملک اور قوم گزشتہ 76 سالوں سے بھگت رہی ہے کیونکہ یہ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے اپنی رائے سے ’’اپنے لئے‘‘ اپنے علاقے سے ’’اپنا‘‘ قومی یا صوبائی اسمبلی کا نمائندہ مقرر کرنا ھے؛ لیکن یہی بنیادی غلطی اور سب سے بڑی دھاندلی ھے، کیونکہ مقرر کردہ نمائندہ بھی ان کیلئے نہیں بلکہ ’’ملک‘‘ کی بہتر منصوبہ بندی اور قومی فلاح و بہبود کیلئے مقرر کیا جاتا ھے جس نے اسمبلی کے اندر بیٹھ کر بہترین منصوبوں کی قانون سازی کرنی ہوتی ہے۔جو کسی بھی ملک کی معاشی ترقی کیلئے اہم رول ادا کرتی ہے۔ان نمائندوں نے وہ قانون بنانے ہوتے ہیں جو انسانوں کی بھلائی کیلئے ہوں، اور ایسے بجٹ کا تعین کرنا ہوتا ہے جس سے عوام اور حکومت دونوں کی زندگیاں آسان ہوں۔ملک کی معاشی ترقی، انسانی بھلائی کی قانون سازی اور بہترین بجٹ کیلئے، سیاسی جماعتیں اپنا اپنا نظریہ دیتی ہیں کہ ہمارے پاس یہ حکمت عملی ہے جس کے تحت ہم ملک کے اندر انقلاب لے آئیں گے۔

اور عوام نے اس ’’نظریے‘‘ کو ووٹ دینا ہوتا ہے نہ کہ کسی زید یا بکر کو۔۔

اس ملک میں پہلی دھاندلی تو الیکشن سسٹم کے ساتھ ہوئی ہے کہ سیاسی جماعتیں بوگس منشور لاتی ہیں جس پر ایک فیصد بھی کام نہیں ہوتا، ہر سیاسی جماعت کا اصل منشور اور فوکس یہی ہوتا ہے کہ کسی بھی طرح حکومت انکی بن جائے۔رہے عوام تو ان کو اصل یا نقل کسی بھی منشور اور نظریے کا ادراک ہی نہیں ہوتا۔دوسری دھاندلی سیاسی جماعتوں کی ٹکٹوں کی غیر منصفانہ تقسیم ہے، جس میں ملکی منصوبہ بندی اور قانون سازی کی اہلیت جانچنے کی بجائے یہ دیکھا جاتا ہے کہ کون ان کا وفادار رہے گا! کون زیادہ ووٹ حاصل کرے گا! اور کون بیس تیس کروڑ خرچ کر سکے گا۔

ٹکٹوں کی تقسیم کے بعد سے پولنگ تک ہونے والی مزید ’’بالغانہ‘‘ دھاندلیاں یہ ہیں کہ نظریے اور شعور کو ووٹ دینے کی بجائے یہ دیکھنا کہ کون اُن کی برادری کا ہے؟ کون ان کی فوتگی اور شادی پر آیا ہے؟ کس نے ان کو سڑک اور گلی بنوادی، اور کس کے ساتھ ان کی ذاتی شناشائی ھے۔حالانکہ گلی سڑک بنانا ملکی اداروں کا کام ہے سیاسی نمائندوں کا نہیں۔

امیدواروں سے یہ سوال کوئی نہیں کرتا کہ ملک میں روزگار کیوں نہیں ھے؟ بجلی، گیس، پٹرول کیوں مہنگے ہیں؟ ہر طرف مہنگائی کا طوفان کیوں ہے؟ ہیلتھ اور ایجوکیشن کیوں ہر شہری کو یکساں میسر نہیں؟ بے جا ٹیکس در ٹیکس کس لیے ہے؟ بیرونی قرضے کیوں لیے اور کہاں ہیں؟ عوامی سوال کیا ہوتے ہیں کہ۔میرا تھانے کچہری سے کام نہیں کرایا، ملاقات کے دوران عزت نہیں دی، یا خوشی غمی میں شریک نہیں ہوئے۔یہ وہ دھاندلیاں ہیں جو عوام اس الیکشن سسٹم کے ساتھ کرتے ہیں جس کے تحت ایسے نمائندے اسمبلی میں جاتے ہیں، جنہیں پھر یہ بھی پتہ نہیں ہوتا کہ وہ ابھی اسمبلی میں جو بل پاس کر کے آئے ہیں وہ بل ہے کس چیز کا اور اس کے اثرات اچھے ہوں گے یا بُرے۔

76 سالوں سے بنیادی الیکشن سسٹم کو ہی نہ سمجھنے والی اس قوم کی پچھلی تین دہائیوں سے مزید بربادی یہ ھے کہ انکے پاس اب بھی 24 کروڑ کی آبادی میں سے وہی دس پندرہ ہزار چہرے ہی ہیں اسمبلیوں میں بھیجنے کیلئے، جن کے سینوں پر پہلے ہی سے اس ملک اور قوم کی بربادی کے تمغے نمایاں سجے ہوئے ہیں۔سیاسی جماعتیں بھی اپنے ٹکٹ، منشور یا نظریے کو نہیں دیتیں اور عوام کو بھی ’’نظریے‘‘ سے کوئی سروکار نہیں ان کو بھی کوئی مانیکا، کھگہ، راؤ، اور رامے چھٹے ہی درکار ہیں، اپنی اور اس ملک کی بربادی کیلئے۔

دھاندلی یہ نہیں کہ کسی سیاسی جماعت کے سینکڑوں امیدواروں کے کاغذات نامزدگی انکی کسی نادہندگی کے ضابطے میں آکر یا کسی جرم کے باعث مسترد ہو گئے ہوں، بلکہ دھاندلی یہ ھے کہ 24 کروڑ عوام کی نمائندگی کا دعوی کرنے والی سیاسی جماعتوں کے پاس کیا صرف یہی دو تین سو لوگ تھے؟ اور کسی ریٹرنگ آفیسر کا قانون کے مطابق کسی امیدوار کا کاغذات نامزدگی مسترد کر دینا دھاندلی نہیں کہلا سکتا بلکہ اصل دھاندلی عوام کا ان سے یہ سوال نہ کرنا ھے کہ امیدوار صاحب آپ کے کاغذات صادق اور امین ہونے کے تقاضے پر پورے کیوں نہیں اُترے۔

ان ساری عوامی اور سیاسی دھاندلیوں کے باوجود آفرین ھے پھر اُن ملکی اور غیر ملکی مقتدر حلقوں پر جو اس قوم کو پھر الیکشن دے دیتے ھیں جنہیں نہ الیکشن سسٹم کا شعور ہے نہ ضرورت۔پھر بھی اگر الیکشن ہوتے ہیں اور ہر بالغ ووٹر اپنی آزاد مرضی سے پولنگ اسٹیشن کے اندر جا کر خفیہ مہر لگا کے اپنی پرچی خود پولنگ باکس میں ڈال کے آتا ہے تو پھر دھاندلی،، الیکشن سسٹم میں نہیں بلکہ عوام اور سیاسی جماعتوں کے اندر ہے، جو خود دھاندلی کے ذریعے نااہل اور من پسند لوگوں کو اسمبلی کے اندر لے جانا چاہتے ہیں اور سارے رولز پامال کر کے صرف اپنے بندے کی کامیابی کو ہی شفاف الیکشن تصور کرتے ہیں۔

شوبز SHOWBIZ

رابی پیرزادہ نے خاموشی سے شادی کرلی، تصاویر وائرل

رابی پیرزادہ ماضی میں گلوکارہ، اداکارہ، ماڈل اور بطورِ آرٹسٹ شوبز انڈسٹری میں کام کرچکی ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان میوزک انڈسٹری کی سابقہ گلوکارہ اور سماجی کارکن رابی پیرزادہ کی دلہن بنے ہوئے تصاویر سوشل میڈیا پر ہوگئیں۔اسلام کی خاطر شوبز انڈسٹری سے کنارہ کشی اختیار کرنے والی رابی پیرزادہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنی کچھ تصاویر پوسٹ کی ہیں جن میں وہ دلہن بنی ہوئی ہیں۔ایکس پر پوسٹ کی گئی تصاویر میں رابی پیرزادہ سلور رنگ کے خوبصورت عروسی لباس میں ملبوس ہیں جس کے ساتھ اُنہوں نے دلکش زیور بھی پہنا ہوا ہے۔تصویر میں رابی پیرزادہ اپنا دوپٹہ تھامے پوز دیتے ہوئے مُسکرا رہی ہیں جبکہ تصویر کسی شادی ہال میں لی گئی ہے۔اس تصویر کے ساتھ رابی پیرزادہ نے لکھا کہ ’’جب ٹوٹا ہوا دل جُڑ جاتا ہے تو وہ کسی بھی چیز سے زیادہ مضبوط ہو جاتا ہے‘‘۔رابی پیرزادہ نے ایک تصویر میں گلاب کے پھولوں کا ہار پکڑا ہوا ہے۔

لوگ نفرت کیلئے کہاں سے وقت نکال لیتے ہیں اس کی سمجھ نہیں آتی، ثناء

دوسروں کی کامیابیوں پر غمگین، کامیاب شخص کی ٹانگیں کھینچنا حسد کے ساتھ مشغلہ بھی بن گیا ہے

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ثناء نے کہا ہے کہ مجھے آج تک سمجھ نہیں آسکی کہ لوگ نفرت کیلئے کہاں سے وقت نکال لیتے ہیں، دوسروں کی کامیابیوں پر غمگین ہونا، کامیاب شخص کی ٹانگیں کھینچنا یہ حسد کے ساتھ ساتھ مشغلہ بھی بن گیا ہے۔ایک انٹرویو میں ثناء نے کہا کہ یہ سچ ہے کہ ہمارے معاشرے کا یہ المیہ بنتا جارہا ہے کہ سماجی اور معاشی مسائل کے باعث عوام ڈپریشن کا شکار ہو رہے ہیں لیکن دوسری طرف وہ لوگ بھی جوان مسائل کا شکار نہیں لیکن وہ پھر بھی دوسروں سے نفرت کرتے ہیں، ان کے لہجے میں کسی کے لئے محبت اور مروت نہیں ہوتی اور انہوں نے اپنی الگ دنیا بسائی ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال میرے لئے کامیابیوں کا سال رہا اور مجھے قوی امید ہے کہ نیا سال بھی میرے لئے ڈھیروں خوشیاں لائے گا۔میں نے اپنی کامیابی کے تسلسل کو برقرار رکھنے کے لئے منصوبہ بندی کر لی ہے۔

فلم انڈسٹری کی ویرانیاں دیکھ کر افسردہ ہو جاتی ہوں، ریما

ہمسایہ ملک کی سینما مارکیٹ بڑی ہے تو ہم بھی 25 کروڑ کی آبادی والا ملک ہیں

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ و ہدایتکارہ ریما نے کہا ہے کہ فلم سٹوڈیوز کی رونقیں بحال کرنے کے لئے سب کو مل کر دن رات محنت کرنا ہوگی، فلم انڈسٹری کی ویرانیاں دیکھ کر افسردہ ہو جاتی ہوں، جب ہم فلم انڈسٹری میں کام کرتے تھے تو فلم اسٹوڈیوز میں بڑی رونقیں اور گہما گہمی نظر آتی تھی۔ایک انٹرویو میں ریما نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ اچھی اور معیاری بنائی جائیں تاکہ ناراض فلم بینوں کو واپس سینماء گھروں میں واپس لایا جاسکے، ایک فلمساز پراجیکٹ نہ بجائے بلکہ مشترکہ سرمایہ کاری کی جائے جس سے نئے آئیڈیاز بھی تخلیق ہوں گے۔ہمارے ہمسایہ ملک کی سینما مارکیٹ بہت بڑی ہے لیکن ہم بھی چھوٹا ملک نہیں ہے، ہمارے ہاں صرف تسلسل نہیں ہے۔وہاں فلمیں کروڑوں سے اربوں کا بزنس کرتی ہیں تو ہم بھی کروڑوں کا بزنس کر سکتے ہیں اس کے لئے صرف عزم چاہیے جو ابھی تک نظر نہیں آرہا۔

اداکارہ ومیزبان ژالے سرحدی کی مزاحیہ ویڈیو وائرل

جگ گھومیا تیرے جیسا کوئی نہیں تے جے میرا دماغ گھومیا تو میرے جیسا کوئی نہیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ومیزبان ژالے سرحدی کی مزاحیہ ویڈیو وائرل ہوگئی۔فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ ژالے سرحدی نے دلچسپ ویڈیو شیئر کی جسے مداحوں کی جانب سے خوب سراہا جارہا ہے۔ژالے سرحدی نے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ ’بس جی حال کچھ ایسا ہے۔ویڈیو میں لپسنگ کرتے ہوئے ژالے سرحدی کا کہنا ہے کہ ’عرض کیا ہے جگ گھومیا تیرے جیسا کوئی نہیں تے جے میرا دماغ گھومیا تو میرے جیسا کوئی نہیں۔یاد رہے کہ ژالے سرحدی سوشل میڈیا پر کافی متحرک رہتی ہیں۔

کرن اشفاق کی بیٹے کے ساتھ خوبصورت تصاویر وائرل

لاہور (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ کرن اشفاق کی بیٹے روحام کے ساتھ خوبصورت تصاویر وائرل ہوگئیں۔فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ کرن اشفاق نے بیٹے روحام کے ساتھ تصاویر شیئر کیں جس میں انہیں بیٹے کے ساتھ خوشگوار موڈ میں دیکھا جاسکتا ہے۔کرن اشفاق نے تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ میرا روحام اور دل کی ایموجی بھی بنائی۔انہوں نے چند گھنٹوں قبل یہ تصاویر شیئر کیں جسے ہزاروں کی تعداد میں مداح دیکھ چکے ہیں۔اور اس پر تعریفی کمنٹس بھی کررہے ہیں۔واضح رہے کہ کرن اشفاق نے چند ماہ قبل پیپلز پارٹی کے رہنما اور تاجر حمزہ علی چوہدری کے ساتھ دوسری شادی کی جس کی تصاویر اور ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی تھیں۔

فلم ’’اینیمل‘‘ پر کامیابی پر تعریف اور تنقید کا سلسلہ جاری

حال ہی میں جاوید اختر نے بھی فلم اینیمل سے متعلق کھل کر بات کی



ممبئی (این این آئی) نامور بھارتی نغمہ نگار جاوید اختر نے کہا ہے کہ فلم اینیمل جیسی فلموں کا کامیاب ہونا انتہائی خطرناک ہے۔فلم اینیمل کی کامیابی پر جہاں اسکی تعریف کی جارہی ہے وہیں فلم کو تنقید کا نشانہ بھی بنایا جارہا ہے۔حال ہی میں جاوید اختر نے بھی فلم اینیمل سے متعلق کھل کر بات کی تاہم انہوں نے فلم کا نام لیے بغیر فلم کے سین کو بیان کرکے اس پر تنقید کی۔ایک فلم فیسٹیول تقریب کے دوران جاوید اختر کا کہنا تھا کہ اگر ایسی فلم ہو جہاں ایک آدمی ایک عورت سے اسکے جوتے چاٹنے کا مطالبہ کرے، ایک آدمی کہے کہ عورت کو تھپڑ مارنا ٹھیک ہے تو پھر یہ فلم سپرہٹ ہوجائے تو یہ بہت خطرناک ہے۔یہ فلمیں آخر کیوں خطرناک ہیں،

میں کبھی بھی کنگ خان کے قریبی لوگوں میں شامل نہیں رہا

ہمارا ملنا ہی تو نہیں ہوتا، دراصل ہم دو مختلف دنیا کے لوگ ہو چکے ہیں، منوج باجپائی



ممبئی (این این آئی) مشہور بھارتی اداکار منوج باجپائی نے کہا ہے کہ میں اور شاہ رخ خان دو مختلف دنیاؤں کے لوگ ہیں۔منوج باجپائی اور شاہ رخ خان دہلی میں ایک ہی گروپ کا حصہ تھے، جنہوں نے اداکاری کا سفر تقریباً ایک ہی ساتھ شروع کیا تھا۔اپنے حالیہ انٹرویو میں منوج باجپائی نے شاہ رخ اور اپنے تعلق پر کھل کر گفتگو کی اور بتایا کہ میں کبھی بھی کنگ خان کے قریبی لوگوں میں شامل نہیں رہا۔انہوں نے مزید کہا کہ ہم ایک گروپ میں تھے لیکن ہمارے دوستوں کے سرکل بالکل ہی الگ تھے، میں کبھی بھی شاہ رخ کے قریبی دوستوں میں نہیں رہا۔بھارتی اداکار نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہمارا ملنا ہی تو نہیں ہوتا، دراصل ہم دو مختلف دنیا کے لوگ ہو چکے ہیں، ہمارے تو راستے بھی نہیں ٹکراتے۔

سپورٹس SPORTS

اعصام الحق نے اپنے نانا کے نام سے منسوب ٹینس کورٹ کا افتتاح کردیا

میرا اسپورٹس کمپلیکس بنانے کا مقصد نوجوانوں میں چھپے ٹیلنٹ کو سامنے لانا ہے



چکوال (این این آئی) پاکستانی ٹینس سٹار اعصام الحق قریشی نے اوشین سپورٹس کمپلیکس چکوال میں اپنے نانا خواجہ افتخار احمد مرحوم کے نام سے منسوب ٹینس کورٹ کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب کے بعد اعصام الحق قریشی اور عقیل خان کے درمیان نمائشی میچ بھی کھیلا گیا جو اعصام الحق قریشی نے دلچسپ مقابلے کے بعد جیت لیا، شرکا نے اعصام الحق کے کھیل کو خوب سراہا۔ چیف ایگزیکٹو فورم عباسی ٹونی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرا اسپورٹس کمپلیکس بنانے کا مقصد نوجوانوں میں چھپے ٹیلنٹ کو سامنے لانا ہے۔تقریب میں چکوال جموراف کانگریس کے بانی قاضی محمد اکبر چوہدری شہزاد سعادت حاجی محمد اسحاق چکوال پریس کلب کے چیئرمین خواجہ بابر سلیم سیکرٹری جنرل ذوالفقار میر راجہ افتخار احمد ملک شفیق کے علاوہ خواتین نے بھی شرکت کی۔

بلوچستان کے لوگوں کیلئے بڑھ چڑھ کر کام کرنا چاہتا ہوں، احمد شہزاد

کوئٹہ کے لوگوں سے جو پیار ملا وہ کہیں نہیں ملا، یہ پیار زندگی بھر ساتھ رہے گا

کوئٹہ (این این آئی) کرکٹر احمد شہزاد نے کہا ہے کہ میں بلوچستان کے لوگوں کیلئے بڑھ چڑھ کر کام کرنا چاہتا ہوں، کوئٹہ کے لوگوں سے جو پیار ملا وہ کہیں نہیں ملا، یہ پیار زندگی بھر ساتھ رہے گا۔وہ نگراں وزیر اطلاعات جان اچکزئی کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کررہے تھے۔اس موقع پر احمد شہزاد نے کہا کہ کوئٹہ کے لوگوں سے جو پیار ملا وہ کہیں نہیں ملا، یہ پیار زندگی بھر ساتھ رہے گا، کرکٹ اکیڈمی لانا چاہتا ہوں جس کے لیے حکومتِ بلوچستان کی مدد کی ضرورت ہوگی۔احمد شہزاد نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں بہت صلاحیت ہے، مواقع کی کمی رہی ہے، انشاء اللّٰہ آنے والے دنوں میں اپنی اکیڈمی لانا چاہتا ہوں، مجھے اپنی اکیڈمی کے لیے زمین اور انفرا اسٹرکچر کی ضرورت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ کوشش ہوگی کہ یہاں سے زیادہ سے زیادہ پلیئرز پی ایس ایل میں کھیلیں، ہمیں یہاں سے کرکٹ کے سپر اسٹارز نکالنے ہیں، کوئٹہ میں کرکٹ کے لیے جو ہو سکا وہ کروں گا۔اس موقع پر نگراں وزیر اطلاعات جان اچکزئی نے کہا کہ احمد شہزاد کو بلوچستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔

لاہور: محکمہ سپورٹس پنجاب کے زیر اہتمام پنجاب سٹیڈیم میں انڈر 16 انٹر ڈویژن ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں بوائز جیولن تھرو کے مقابلے کا منظر۔ (فوٹو این این آئی)

کراچی، ضلع وسطی کے 2 اسپورٹس ارینا خستہ حالی کا شکار

نشے کے عادی افراد ٹولیوں کی صورت میں لوہا چوری کرنے لگے

کراچی (این این آئی) ضلع وسطی کے 2 پلوں کے نیچے بنائے گئے اسپورٹس ارینا خستہ حالی کا شکار ہوگئے۔سخی حسن اور ناگن چورنگی پل کے نیچے قائم کیے گئے ارینا کی لائٹیں، ساز و سامان اور دروازے غائب ہوگئے ہیں۔میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور پی پی رہنما ڈاکٹر عاصم حسین نے 25 اگست کو سخی حسن اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کیا تھا۔اس سے قبل سابق وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ نے 20 اپریل 2023ء کو ناگن چورنگی اسپورٹس ارینا کا افتتاح کیا تھا۔اہل علاقہ کے مطابق سخی حسن اسپورٹس ارینا میں چوکیدار تعینات تھا جو نوکری چھوڑ کر چلا گیا ہے جبکہ ناگن چورنگی اسپورٹس ارینا پر صرف 2 ہفتے ہی ملازم تعینات رہا۔ایک نشئی شخص کے مطابق نشے کے عادی افراد ٹولیوں کی صورت میں یہاں سے لوہا چوری کرتے ہیں۔

پاکستان کی موجودہ ٹیسٹ ٹیم ’’بدترین ایشیائی ٹیم‘‘ قرار دیدیا

آسٹریلوی سرزمین پر اس سے قبل گرین شرٹس کی ایسی بدترین ٹیم نہیں دیکھی



سڈنی (این این آئی) سابق آسٹریلوی کرکٹر ایڈم گلکرسٹ نے پاکستان کی موجودہ ٹیسٹ ٹیم کو آسٹریلیا کا دورہ کرنے والی ’’بدترین ایشیائی ٹیم‘‘ قرار دیدیا۔سڈنی ٹیسٹ کے دوران کمنٹری کرتے ہوئے سابق آسٹریلوی وکٹ کیپر نے پاکستانی ٹیم کیخلاف سخت الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے کہا کہ آسٹریلوی سرزمین پر اس سے قبل گرین شرٹس کی ایسی بدترین ٹیم نہیں دیکھی۔انہوں نے کہا کہ سڈنی ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں شاندار کم بیک کیا تاہم دوسری اننگز میں لیڈ لینے کے باوجود پاکستانی بیٹنگ لائن تاش کے پتوں کی طرح بکھر گئی۔

اسرائیلی فضائی حملے میں فلسطینی فٹبال ایسوسی ایشن کے اولمپک کوچ شہید

غزہ (این این آئی) فلسطینی فٹ بال ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ فلسطین کی اولمپک فٹ بال ٹیم کے کوچ ہانی المصدر اسرائیلی فضائی حملے میں شہید ہوگئے ہیں۔قطری نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق 42 سالہ ہانی المصدر 2018 میں ریٹائر ہوئے تھے اور فلسطین کی قومی ٹیم کے کوچ بننے سے قبل غزہ سپورٹس کلب کے مڈ فیلڈر تھے۔رپورٹ کے مطابق گزشتہ رات غزہ کی پٹی پر اسرائیلی فضائی حملے میں اولمپک فٹ بال ٹیم کے کوچ شدید زخمی ہوگئے تھے اور جانبر نہ ہوسکے۔فلسطینی فٹ بال ایسوسی ایشن نے ہانی المصدر کی موت کو بڑا نقصان قرار دیتے ہوئے کہا کہ 7 اکتوبر سے اب تک 67 فٹبالرز سمیت 88 مرد اور خواتین کھلاڑی کے علاوہ 24 منتظمین اور تکنیکی عملہ اسرائیلی فضائی حملے میں شہید ہوچکے ہیں۔

ابرار کی انجری کی میڈیکل رپورٹ سامنے آگئی

غفلت برتنے کا انکشاف، نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز سے باہر

لاہور (این این آئی) دورہ آسٹریلیا کے دوران انجری کا شکار ہونے والے پاکستان کے اسٹار اسپنر ابرار احمد کی میڈیکل رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ فاسٹ باولر نے ڈاکٹرز کی ہدایت پر عمل نہیں کیا جس کی وجہ سے انجری کی نوعیت سنگین ہوگئی اور وہ نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز سے باہر ہوگئے۔ذرائع نے بتایا کہ میڈیکل رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ ابرار نے انجری سے نجات کے لیے ڈاکٹرز کی ہدایات پر عمل نہیں کیا جس کی وجہ سے وہ دورہ آسٹریلیا میں کوئی میچ نہیں کھیل سکے۔رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ فاسٹ باؤلر سیاٹیکا (Sciati) نامی درد میں مبتلا ہیں، یہ ایک ایسی طبی حالت جس میں ٹانگ میں درد اور جسم میں کمزوری محسوس ہوتی ہے۔رپورٹ کے مطابق ابرار نے سب سے پہلے بھارت میں آئی سی سی ورلڈ کپ 2023 کے دوران اپنے دائیں کولہے میں درد کی شکایت کی تھی جس کے بعد ان کا فوری طور پر ٹیسٹ کیا گیا جس کے بعد ان میں سیاٹیکا کی تشخیص ہوئی۔طبی عملے نے اسپنر کے لیے انجری سے صحت یاب ہونے کے لیے ایک پلان تیار کیا جس میں انہیں مختلف ایکسرسائز اور ڈرل پر پابندی سے عمل کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔رپورٹ میں بتایا گیا کہ 25 سالہ اسپنر نے ہدایات پر عمل نہیں کیا جس کے بعد ٹیم انتظامیہ نے ایک بار پھر اسپنر کو میڈیکل پینل کے احکامات پر عمل کرنے کی تاکید کی تاہم وہ ڈاکٹرز کی ہدایات کو مسلسل نظرانداز کرتے رہے۔

رضوان کی خاتون سے ہاتھ نہ ملانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

میچ کے اختتام پر قومی ٹیم کے کھلاڑیوں نے سابق آسٹریلوی کرکٹر کے اہلخانہ سے ملاقات کی تھی



سڈنی (این این آئی) سڈنی ٹیسٹ میچ کے اختتام پر قومی ٹیم کے وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان ایک مرتبہ پر سوشل میڈیا کی زینت بن گئے۔قومی ٹیم کے وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کی پنک ٹیسٹ میچ کے اختتام پر سابق آسٹریلوی فاسٹ بولر گلین میک گرا فاؤنڈیشن کی خاتون ممبر سے ہاتھ نہ ملانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔سڈنی ٹیسٹ میں آسٹریلیا نے یکطرفہ مقابلے کے بعد پاکستان کو 8 وکٹوں سے شکست دیکر سیریز 0-3 سے اپنے نام کرلی، سیریز کا آخری ٹیسٹ میچ کینسر کی آگاہی سے متعلق تھا جسے پنک ٹیسٹ کا نام دیا گیا تھا۔کھیل کے اختتام پر قومی ٹیم کے کھلاڑیوں نے میک گرا کے خاندان سے ملاقات کی مصافحہ بھی کیا تاہم وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان نے خاتون سے ہاتھ نہ ملایا تاہم احتراماً اشارے سے انکا جواب دیا۔

بقیہ 1

کہ حکومت کا کام ججوں کے تبصرے پر تبصرہ کرنا نہیں، عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد کرانا ہے، فیصلہ غلط لگا تو چیلنج کردیں گے۔ انھوں نے کہا کہ الیکشن کی تاریخ دینا یا الیکشن کی تاریخ میں تبدیلی کرنا الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 2

بچھا دیا، ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن سمیت متعدد فلاحی منصوبے مکمل ہو چکے جبکہ مفاد عامہ کے کئی منصوبے تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے اپنے آفس میں یونائیٹڈ بزنس گروپ کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے کئے گئے اقدامات بارآور ثابت ہورہے ہیں، حکومتی اقدامات کے باعث معیشت اور زرمبادلہ کے ذخائر بہتر ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ بزنس کمیونٹی کی مشاورت سے پالیسیاں بن رہی ہیں، صنعتکاروں اور تاجروں کی مشاورت سے پنجاب کے بڑے شہروں میں بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز بن رہے ہیں، وفاقی ایوان صنعت وتجارت کو حقیقی معنوں میں بزنس کمیونٹی کا نمائندہ ادارہ بنائیں گے، ایس ایم تنویر نے کہا کہ سرمایہ کاروں کو نئے کارخانے لگانے کیلئے سازگار ماحول دیا ہے جس سے صوبے میں نئی سرمایہ کاری آرہی ہے۔

بقیہ 3

ہے، پاک بحریہ کی جانب سے ان تجارتی گزرگاہوں کی مسلسل فضائی نگرانی بھی کی جارہی ہے۔ ترجمان پاک بحریہ کا کہنا ہے کہ اس پٹرولنگ کا مقصد پاکستان اور بین الاقوامی تجارتی بحری جہازوں کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔ ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ پاک بحریہ کے جنگی جہاز بحیرہ عرب میں مستقل موجودگی یقینی بنانے کیلئے پٹرولنگ کرتے ہیں، پاک بحریہ خطے میں بحری امن رکھنے کے حوالے سے اپنی قومی ذمہ داری سے بخوبی آگاہ ہے۔

بقیہ 4

بنانے کے لیے تیسرے فریق کے ذریعے پے پال سے چینلائز کیا جائے گا۔ پے پال دنیا بھر میں آن لائن ادائیگیوں کا نظام چلاتی ہے جس سے رقم آن لائن طریقے سے منتقل کی جاتی ہے اور یہ دنیا بھر کی 190 مارکیٹس میں آپریٹ کرتی ہے۔ خیال رہے کہ فری لانسر اور ای کامرس سے وابستہ افراد کا طویل عرصے سے مطالبہ تھا کہ پے پال کو پاکستان لایا جائے اور سابق وزیر خزانہ اسد عمر نے بھی پے پال کو پاکستان لانے کی کوششوں کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا تھا۔ نگراں وفاقی وزیر برائے آئی ٹی ڈاکٹر عمر سیف نے پاکستان میں پے پال کے ذریعے ترسیلات زر کے ممکن ہونے کی خوش خبری سنادی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نے فری لانسرز کا دیرینہ مسئلہ حل کردیا ہے اور انہیں انہیں بین الاقوامی گیٹ وے پے پال کے ذریعے ترسیلات زر کی منتقلی کے قابل بنادیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پے پال پاکستان نہیں آرہا لیکن ایک معاہدہ طے پاگیا ہے جس کے تحت ترسیلات زر کو تیسرے فریق کے ذریعے پے پال سے چینلائز کیا جائے گا، اس سلسلے میں باقاعدہ افتتاحی تقریب 11 جنوری کو ہوگی۔

بقیہ 5

تاریخ سے فوری طور پر ادائیگی کرے۔ ایوان صدر میڈیا ونگ کی جانب سے ہفتہ کو جاری اعلامیہ کے مطابق صدر ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ واپڈا اہلکاروں نے غیر منصفانہ طور پر حامل معذوری فرد کی ماہانہ گرانٹ بند کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معذوری کے حامل شخص کی گرانٹ روکنے کا فیصلہ کس نے اور کیوں کیا؟ تحقیقات ہونی چاہیے، قانونی طور پر جاری کردہ تاحیات گرانٹ بند کرنے والے اہلکاروں کے خلاف تادیبی کارروائی شروع کی جائے۔ صدر مملکت نے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف سید نور علی زیدی) شکایت کنندہ (کی اپیل منظور کرتے ہوئے کہا کہ ملوث اہلکاروں نے ریٹائرڈ ملازم کے خاندان ہی نہیں بلکہ واپڈا کیلئے بھی شرمناک صورتحال پیدا کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل بورڈ نے معذوری کے حامل فرد کو تاحیات ناقابل ملازمت قرار دیا تھا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ واپڈا کو حاملِ معذوری فرد کی تربیت کیلئے وزارتِ انسانی حقوق سے رابطہ کرنا چاہیے، وزارت انسانی حقوق خصوصی افراد کو 50 سے زائد ہنر سکھانے، آجروں سے منسلک کرنے کے پروگرام کی حامل ہے۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ ایسے معاملات میں خصوصی افراد کی رہنمائی کرنا واپڈا جیسے اداروں کی ذمہ داری ہے، واپڈا جیسے اداروں کو خصوصی افراد کے معاملے میں سماجی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا کو ایسے معاملات میں خصوصی افراد کو روزگار کے قابل بنانا چاہیے۔ واضح رہے کہ شکایت کنندہ نے وفاقی محتسب کو درخواست دائر کی تھی کہ وہ ریٹائرڈ ملازم کا معذوری کا حامل بچہ ہے، میڈیکل بورڈ نے تاحیات ناقابل ملازمت قرار دے کر قواعد کے تحت واپڈا ویلفیئر فنڈ کیلئے سفارش کی، 21 سال کی عمر تک باقاعدگی سے گرانٹ ملتی رہی، بعد میں واپڈا نے نام ریکارڈ سے نکال دیا۔ درخواست پر کارروائی کرتے ہوئے وفاقی محتسب نے واپڈا کے حق میں حکم جاری کیا کہ واپڈا نے بدانتظامی نہیں کی اور قرار دیا کہ شکایت کنندہ کی عمر 30 سال، مفت طبی سہولت اور گرانٹ کا حقدار نہیں، جس کے بعد شکایت کنندہ نے وفاقی محتسب کے حکم کے خلاف صدر مملکت کو اپیل دائر کی تھی اور کہا کہ محتسب نے شکایت کنندہ کے گرانٹ کے حقدار ہونے کے چند اہم حقائق نظرانداز کیے ہیں۔ شکایت کنندہ کو واپڈا میڈیکل بورڈ نے 1996 میں پیدائشی گونگا، بہرا قرار دیا تھا، شکایت کنندہ کو تاحیات ناقابلِ ملازمت اور " مکمل طور پر والدین کے زیرِ کفیل " قرار دیا گیا۔ ویلفیئر فنڈ کی مینجنگ کمیٹی نے 1996 میں شکایت کنندہ کیلئے تاحیات فلاحی گرانٹ کی منظوری دی۔ صدر مملکت نے کہا کہ نادرا نے بھی شکایت کنندہ کو شناختی کارڈ پر تاحیات معذور شخص ظاہر کیا، شکایت کنندہ کو قانون کے مطابق ویلفیئر گرانٹ جاری کی گئی تھی۔ ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ فلاحی گرانٹ روکنے کا فیصلہ کس نے کیا اور کیوں، تحقیقات ہونی چاہیے۔ انہوں نے حقائق کی روشنی میں وفاقی محتسب کے حکم کو مسترد کردیا اور قرار دیا کہ واپڈا فوراً فلاحی گرانٹ بند ہونے کی تاریخ سے گرانٹ بحال کرے اور واپڈا ملوث اہلکاروں کے خلاف تادیبی کارروائی کرتے ہوئے 30 دن میں محتسب کو رپورٹ پیش کرے۔

بقیہ 6

طارق ندیم نے حماد اظہر کی اپیل پر فیصلہ سناتے ہوئے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کا آر او کا فیصلہ برقرار رکھا ہے۔

بقیہ 7

کے انتخابی میدان سے باہر ہونے سے انکاری ہوگئے، شاہ محمود قریشی الیکشن ٹریبونل ملتان سے نااہلی کے معاملے کو لاہور ہائیکورٹ لارجر بنچ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سابق وزیر خارجہ کے وکلا نے الیکشن ٹریبونل کے فیصلے کو لارجر بنچ میں چیلنج کرنے کی تیاری شروع کردی، الیکشن ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف لاہور ہائی کورٹ کے لارجر بنچ میں آج (پیر) اپیل دائر کئے جانے کا امکان ہے۔ یاد رہے کہ الیکشن ٹریبونل نے شاہ محمود قریشی کے زائد المیعاد اسٹام جمع کروانے پر آر او کی طرف سے کاغذات مسترد کئے جانے کے فیصلے کو درست قرار دیا تھا۔ دوسری جانب الیکشن ٹریبونل نے شاہ محمود کی بیٹی مہربانو قریشی اور بیٹے زین حسین قریشی کو الیکشن لڑنے کے لئے اہل قرار دے دیا ہے۔

بقیہ 8

جاں بحق اور تین زخمی ہوگئے۔ مرنے والوں میں ایک خاتون بھی شامل ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ادارے جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ لاشوں اور زخمیوں کو قریبی اسپتال منتقل کیا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

بقیہ 9

کارکنوں کے درمیان حلقہ پی پی 162 میں پیپلز پارٹی کے انتخابی دفتر کے افتتاح کی تقریب میں پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو کی آمد سے قبل جھگڑا ہوا۔ لڑائی کے دوران کارکنوں نے ایک دوسرے پر گھونسوں اور تھپڑوں کی بارش کرتے کردی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر بیچ بچاؤ کروایا۔ لڑائی کی ویڈیو سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر وائرل ہوگئی۔

بقیہ 10

کروا دی۔ درخواست میں بتایا گیا کہ پولیس ملازمین شراب کے نشے میں دھت ہوکر ہوٹل آئے اور بیف کڑاہی لگانے کا کہا، ہوٹل ملازم نے بیف کے پیسے مانگے تو پولیس اہلکار طیش میں آگئے اور ہوٹل کے ملازم کو پولیس وین میں ڈال کر جھوٹے مقدمات میں پھنسانے کی دھمکیاں بھی دیتے رہے۔ متاثرہ ملازم کی درخواست پر تاحال کوئی کارروائی نہ ہوسکی۔ ملازم کا کہنا ہے کہ میرے ساتھ پولیس ملازمین نے سخت زیادتی کی ہے، مجھے انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 11

منتقل کردیا اور انتہائی جدوجہد کے بعد روڈ کو خالی کر لیا گیا۔

بقیہ 12

کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بازار میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ سے عام آدمی بری طرح متاثر ہورہا ہے۔ کسی چیز کی کوئی قیمت مقرر نہ ہونے سے دکاندار دونوں ہاتھوں سے غریب عوام کو لوٹنے میں مصروف ہیں۔ زندہ مرغی کی قیمتیں جو دوسو ستر روپے کلو ہوا کرتی تھیں ان میں مافیا کی ملی بھگت سے یکدم سو روپے کے قریب اضافہ کر دیا گیا ہے جبکہ متعلقہ حکام پراسرار خاموشی اختیار کرکے اپنے فرائض سے سنگین کوتاہی کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کو فوری نوٹس لیتے ہوئے تمام نااہل کرپٹ اور نکمے ذمہ داران کو انکی سیٹوں سے فوری ہٹانے کا حکم دیکر اُنکی تمام مراعات بند اور اُنکے ناجائز اثاثوں کی جوڈیشل انکوائری کروانا چاہیے تاکہ کرپشن کے خاتمہ کی راہ بھی ہموار ہوسکے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کورونا کے بعد بین الاقوامی پام آئل کی قیمتوں میں 22 سوڈالر فی ٹن سے کمی ہوکر آجکل سات آٹھ سو ڈالر فی ٹن پر ریٹس آنے کے باوجود گھی اور آئل کی قیمتوں میں دس بیس روپے کلو سے زائد کمی نہیں کی جا رہی۔ اڑھائی سو روپے کلو والے گھی اور آئل کی قیمتیں بدستور پانچ سو روپے کلو کے لگ بھگ رکھنے کا حکام کو نوٹس لینا چاہیے۔ ادھر انڈے مارکیٹ میں بلیک مافیا نے 400 روپے درجن تک پہنچا دیئے ہیں جو پاکستان کی تاریخ میں انتہائی بلند ترین سطح ہے۔ شہریوں نے سول وعسکری حکام سے اپیل کی کہ قانون پر عملداری قائم کرتے ہوئے مارکیٹ کمیٹی اور انتظامیہ کے غیر ذمہ داران کیخلاف موثر کریک ڈاؤن کیا جائے اور منڈی اور ہول سیل کی سطح پر قیمتیں کنٹرول کرنے کے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ' وزیراعلیٰ محسن نقوی' کمشنر و ڈپٹی کمشنر راولپنڈی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور کنزیومر رائٹس کونسل حکام کو مہنگائی روکنے اور قانون کی عملداری کا پابند بنانے کے احکامات جاری کریں۔

بقیہ 13

ہمراہ اسلح سے مسلح ہوکر آگئے اور خاتون کو زبردستی قتل کی دھمکی دے کر اغوا کر کے کار میں ڈال کر لے گئے اور گینگ ریپ کیا۔ دوسرے روز بچوں کی چیخ وپکار پر پڑوسی خضر حیات نے 15 پر کال کی اور خاتون ناصراں بی بی کو پولیس نے برآمد کرلیا اور خاتون کی نشان دہی پر دوملزموں محمد بشیر ماچھی اور فلک شیر کو گرفتار کرلیا جبکہ تیسرا ملزم ابھی تک گرفتار نہیں ہو سکا۔ پولیس ہڑپہ نے خاتون کے خاوند عالم شیر کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 14

1842(1)2023 بتاریخ -21 دسمبر 2023 میں ترامیم پر زور دیا ہے۔ ایک حالیہ نوٹیفکیشن کے مطابق سیلز ٹیکس رولز، 2006 کے قاعدہ 150ZEA میں ترمیم کی گئی ہے، خاص طور پر سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے سیکشن 2(43A) (g) کے تحت ٹائر -Tier 1 ریٹیلرز کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ نظرثانی شدہ اصول کے تحت، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 236 ایچ کے تحت کٹوتی کے قابل ودہولڈنگ ٹیکس والے ریٹیلرز جنہوں نے پچھلے 12 مہینوں میں ایک لاکھ روپے تک کا ودہولڈنگ ٹیکس ادا کرچکے ہیں اب پوائنٹ آف سیل سسٹم کے ساتھ ضم ہونے کے پابند ہیں۔ کاشف انور نے نشاندہی کی کہ یہ ترمیم 21 مختلف شعبوں/مصنوعات کے ریٹیلرز کو متاثر کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ بجٹ میں تاجر برادری کی محنت کی وجہ سے 1000 مربع فٹ کی شرط کو واپس لے لیا گیا تھا اور اب یہ 236 ایچ لگائی گئی ہے۔ بجائے اس کے کہ پرچون فروشوں کے ٹرن اوور کو بڑھایا جائے اور زیادہ سے زیادہ سہولتیں دے کر ٹیکس کی شرح میں کمی کی جائے تاکہ غیر رجسٹرڈ افراد ٹیکس نیٹ میں آئیں۔ صدر لاہور چیمبر نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ نئے ضوابط کی تعمیل کے لیے ریکارڈ کی دیکھ بھال، سٹیٹمنٹ جمع کرانے اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو رپورٹ کرنے کے لیے پروفیشنل اکاؤنٹنٹس کی خدمات حاصل کرنے کی ضرورت ہوگی۔

بقیہ 15

فیصلے کو لارجر بنچ میں چیلنج کرنے کی تیاری شروع کر دی، الیکشن ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف لاہور ہائی کورٹ کے لارجر بنچ میں کل اپیل دائر کئے جانے کا امکان ہے۔ یاد رہے کہ الیکشن ٹریبونل نے شاہ محمود قریشی کے زائد المیعاد اسٹام جمع کروانے پر آر او کی طرف سے کاغذات مسترد کئے جانے کے فیصلے کو درست قرار دیا تھا۔ دوسری جانب الیکشن ٹریبونل نے شاہ محمود کی بیٹی مہربانو قریشی اور بیٹے زین حسین قریشی کو الیکشن لڑنے کے لئے اہل قرار دے دیا ہے۔

بقیہ 16

کے استعمال پر 3 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ سرگودھا میں ٹیم نے کاروائی کے دوران گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 گیس کنکشن منقطع کیا گیا۔ بہاولپور میں کاروائی کیدوران گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 گیس کنکشن منقطع کیا گیا۔ فیصل آباد میں ٹیم نے کمپریسر کے استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے گئے۔ مردان میں کاروائی کے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گھریلو کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 12 کنکشن منقطع کیے۔

بقیہ 17

اور یوتھ، پروفیسر ظفر اقبال نے بھی خطاب کیا۔ دریچہ تنظیم کے نمائندوں جمیلہ، شیلا، عثمان اور اکش نے ٹرانس جنڈر کمیونٹی کو درپیش چیلنجوں پر روشنی ڈالی۔ مشعال ملک نے کہا کہ 0.3 ملین سے زیادہ خواجہ سرا سرکاری طور پر متعلقہ سرکاری محکمے میں رجسٹرڈ ہیں۔ انہوں نے حکومت کے ایک ملک گیر عوامی مہم 'دختر' کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ مہم عوام کو صنفی شناخت کے بارے میں آگاہ کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مہم نہ صرف عوامی بیداری پر کام کرے گا بلکہ ٹرانس جینڈر کمیونٹی کے تحفظ، روزگار کے مواقع اور ہنر کی ترقی کے پروگراموں پر بھی توجہ مرکوز کرے گا۔ مشعال ملک نے اس بات پر زور دیا کہ ٹرانجینڈر کمیونٹی آئین پاکستان میں درج تمام بنیادی حقوق کے حقدار ہیں۔ انہوں نے ٹرانس جینڈر پرسنز (پروٹیکشن آف رائٹس) ایکٹ، 2018 پر روشنی ڈالی۔ ایکٹ میں نہ صرف ٹرانجینڈر افراد کے حقوق کو تسلیم کیا گیا ہے بلکہ اس میں وراثت، ووٹنگ، تعلیم، روزگار، صحت کی دیکھ بھال، اجتماع، عوامی مقامات تک رسائی، اور عوامی عہدہ رکھنے کے حقوق کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مشعال ملک نے ملک کی ترقی میں ٹرانجینڈر کمیونٹی کے کردار پر زور دیتے ہوئے کہا کہ معاشرے کے تمام سطحوں اور شعبوں میں ان کے اہم کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سو روزہ پلان میں ٹرانجینڈر کمیونٹی کے حقوق کو فروغ دینے کے دفعات شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سو روزہ پلان میں ان سارے امتیازی قوانین اور طرز عمل کا خاتمہ شامل ہے جو ٹرانس جینڈر افراد کو صحت کی دیکھ بھال اور تعلیم میں رکاوٹ کا باعث بنتے ہیں۔ مشعال ملک نے ٹرانس جنڈر کمیونٹی کے بارے میں جامع ڈیٹا اکٹھا کرنے کے لیے ضلعی سطح پر کمیٹیاں قائم کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جامع ڈیٹا اکٹھا کرنے سے ٹرانس جینڈر کمیونٹی کے تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، روزگار، سماجی تحفظ، سوشل میڈیا ٹریننگ اور ووکیشنل ٹریننگ دینے کو آسان بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد ٹرانس جینڈر کمیونٹی کو بااختیار بنانا اور انہیں معاشی طور پر خودمختار شہری بننے کے قابل بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب انسان ہیں اور معاشرے اور ریاست کی ترقی اور فروغ کے لیے ہر مثبت کام کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی نے ٹرانجینڈر کمیونٹی کی فلاح و بہبود کو آگے بڑھانے میں دریچہ تنظیم کی کوششوں کو بھی سراہا۔

بقیہ 18

لائسنس دفاتر شہریوں کی سہولت اور آسانی کے لئے معمول کے مطابق کھلے رہے، شہری لرنر پرمٹ، ڈوپلیکیٹ، فریش، رینول کے لئے آئے۔ انہوں نے کہا کہ لبرٹی پولیس خدمت مرکز میں ون ونڈو آپریشن کامیابی سے جاری، شہر میں 08 خدمت مراکز 24/7 کام کررہے ہیں جبکہ آن لائن سروسز فراہم کرنے سے 90 فیصد رش میں کمی ہوئی۔ عمارہ اطہر نے کہا کہ لرنر پرمٹ، لائسنس فیسوں میں اضافے کا نیا شیڈول 10 جنوری سے نافذ العمل ہوگا۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے شہریوں کو جلد لائسنس کی تجدید اور فریش لائسنس بنوانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نئے فیس شیڈول کے مطابق کار اور موٹرسائیکل کے لرنر پرمٹ کے لئے 01 ہزار روپے فیس جمع کروانی ہوگی۔ شہری اب ایک، دو سال، تین سال، پانچ سال اور 10 سال تک کے لئے لائسنس حاصل کرسکیں گے، شہری گھر بیٹھے ڈوپلیکیٹ اور لائسنس کی تجدید کرواسکتے ہیں، اب شہریوں کو ہر سال اپنے لائسنس کی تجدید کروانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ کم عمر اور بغیر لائسنس ڈرائیورز کے خلاف کریک ڈاؤن میں کوئی نرمی نہیں ہوگی۔

بقیہ 19

روڈ موڑا چھپر پیش آیا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 نے فوری موقع پر پہنچ کر جانبحق ہونے والی ڈیڈ باڈیز ہسپتال منتقل کر دی۔ ریسکیو 1222 ترجمان عثمان گجر کے مطابق ہلاک حادثے میں ایک نوجوان اور ایک خاتون جانبحق ہوئی۔ پولیس نے ٹریکٹر ٹرالی قبضہ میں لے کر قانونی کاروائی کا آغاز کردیا۔

بقیہ 20

کی حمایت کا اعلان کردیا راجہ احتشام فاروق نے یونین کونسل اسلام پورا جبر کے بنیادی مسائل بی ایچ یو، ویٹری ہسپتال، ٹیچرز کی فراہمی، گیس، اسلام پورہ جبر و میانہ پوٹھہ سڑک و دیگر بنیادی ضروریات کی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا میٹنگ میں سابق وزیر اعظم پاکستان و اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف امیدوار ایم پی اے حلقہ پی پی 8 گوجرخان خرم پرویز راجہ اور پارٹی ورکرز چودھری اعظم پرویز مرزا رضوان راجہ جبار بھٹی انجم رشید وارثی ڈاکٹر شعیب حاجی اورنگزیب راجہ ضمیر زکی قاری عابد چستی ۔ چودھری ثاقب چودھری امجد منظور وحید مراد راجہ عاقب سرفراز سید عون شاہ ملک حماد شفیق نقیبی چودھری افتخار حسین۔ راجہ امیر افضل راجہ مرسلین راجہ محبوب قاضی کلیم ماسٹر ساجد محمود راجہ خالد راجہ عباس اور دیگر پارٹی احباب موجود تھے پیپلز پارٹی کے درینہ کارکن سید عون علی شاہ کی محنتوں اور کاوشوں سے راجہ توقیر نے اپنی پوری برادری اور دھڑے کے ساتھ پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کی اس موقع پر راجہ پرویز اشرف، خرم پرویز راجہ اور دیگر پارٹی احباب کا والہانہ استقبال کیا گیا اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے راجہ احتشام فاروق راجہ توقیر اوران کے دوست احباب برادری کو پیپلز پارٹی میں شمولیت پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ آپ کی پارٹی میں شمولیت سے پاکستان پیپلز پارٹی مزید مضبوط ہوگی ہم نے گوجر خان میں میگا پروجیکٹس دیے ہم خدمت کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں ہمارا کوئی مخالف نہیں راجہ احتشام فاروق نے جتنے مطالبات پیش کیے سب جائز مطالبات ہیں انشااللہ انکو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا

بقیہ 21

اور پیار پر ہمیشہ احسان مند رہوں گا میرے گھر کے دروازے 24 گھنٹے حلقہ کے عوام کے لیے کھلے رہیں گے حلقہ کہ عوام کا خادم بن کر دن رات عوامی خدمت کے مشن کو جاری رکھوں گا مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف اور مسلم لیگ ن نے اعتماد کیا حلقہ پی پی 8 اور تحصیل گوجر خان سے مسلم لیگ ن کامیابی سے ہمکنار ہوگی ان خیالات کا ظہار سابق چیئرمین بلدیہ گوجرخان اور مسلم لیگ نکے امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 8 حاجی محمد شاہد صراف نے حلقہ پی پی 8 کے مسلم لیگ ن کے کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا

بقیہ 22

۔ صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر، سیکرٹری تعمیرات و مواصلات، سیکرٹری صحت، کمشنر لاہور، ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اس موقع پر سیکرٹری تعمیرات و مواصلات اور سیکرٹری صحت نے اپ گریڈیشن کے تحت کاموں پر ہونے والی پیش رفت کے بارے میں بریفنگ دی، دوران بریفنگ بتایا گیا کہ اپ گریڈیشن پراجیکٹ کے تحت ٹائلز لگانے اور فنشنگ ورک شروع ہو چکا ہے۔ نگران وزیراعلی پنجاب نے ہدایت کی ہے کہ بجلی اور ایئرکنڈیشن کی وائرنگ کے کام میں معیار اور حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جائے، وائرنگ کے کام کو آئندہ 3 روز میں مکمل کیا جائے۔ محسن نقوی نے مین کوریڈور میں ٹائلز لگانے کے کام کو جلد مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعلی پنجاب نے مین کوریڈور میں تیز رفتاری سے کام پر سیکرٹری تعمیرات و مواصلات، سیکرٹری صحت اوران کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ نگران وزیراعلی نے رات کو کام کرنے والے مزدوروں سے ملاقات کی اور رات گئے تک محنت سے کام کرنے پر شاباش دی۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پنجاب میں 100 سے زائد ہسپتالوں میں سہولتوں کی بہتری کا ٹاسک 31 جنوری تک مکمل کریں گے، پوری ٹیم دن رات کوشاں ہے، انشاءاللہ خلوص نیت سے کی جانے والی محنت کا ثمر عوام کو ضرور ملے گا۔

بقیہ 23

لوڈشیڈنگ کا سلسلہ نہ رک سکا۔ تفصیلات کے مطابق حکومت نے یکم نومبر 2023 سے گیس کی قیمتوں میں تقریباً 200 فیصد تک اضافہ کیا تھا، اضافے کا اطلاق ہونے کے بعد اب صارفین بھاری گیس بلوں کے ساتھ اپنے دل بھی تھام رہے ہیں، گیس کی قیمتوں میں حالیہ اضافے نے شہریوں کے بجٹ کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ صارفین کے مطابق پہلے بجلی کی قیمتوں نے زندگی مشکل کر رکھی ہے، اب رہی سہی کسر گیس کے بلوں نے پوری کر دی ہے اور گیس مہنگی ہونے کے باوجود آتی بھی نہیں ہے البتہ بھاری بھرکم بل ضرور آجاتے ہیں۔

بقیہ 24

جسٹس شجاعت علی خان کریں گے۔ جبکہ دیگر ارکان میں جسٹس علی باقر نجفی، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس فیصل زمان خان اور جسٹس جواد حسن شامل ہیں۔ اپیلٹ ٹریبونلز کے فیصلوں کے خلاف درخواستیں صرف پرنسپل سیٹ پر دائر کی جائیں گی۔ لارجر بنچ نو جنوری سے درخواست پر سماعت کا آغاز کرے گا۔

بقیہ 25

50 منٹ، کراچی سے لاہور آنے والی گرین لائن ایک گھنٹہ 55 منٹ، تیزگام 3 گھنٹے، کراچی سے سیالکوٹ جانے والی علامہ اقبال ایکسپریس 2 گھنٹے 40 منٹ، کراچی سے آنے والی کراچی ایکسپریس 3 گھنٹے، ہزارہ ایکسپریس 1 گھنٹہ 50 منٹ، ملت ایکسپریس ساڑھے 4 گھنٹے، بہاؤالدین زکریا ایکسپریس 2 گھنٹے، کراچی سے آنے والی پاک بزنس ایکسپریس پونے 2 گھنٹے، کراچی سے براستہ قصور آنے والی فرید ایکسپریس 2 گھنٹے، کراچی سے لاہور آنے والی قراقرم ایکسپریس ساڑھے 6 گھنٹے، جعفر ایکسپریس 1 گھنٹہ 40 منٹ، کراچی سے آنے والی رحمان بابا ایکسپریس 2 گھنٹے 50 منٹ اور پاکستان ایکسپریس 2 گھنٹے 55 منٹ تاخیر کا شکار رہیں۔

بقیہ 26

مسڈ چلڈرن کی سو فیصد کوریج کیلئے مائیکرو پلانز کو از سر نو ترتیب دینے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ انسداد پولیو مہم میں بار بار ناقص کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران اور اہلکاروں کیخلاف کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں غفلت کی گنجائش نہیں۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ قومی ایجنڈا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسڈ چلڈرن کو ویکسین کے قطرے پلانے بارے جعلی ڈیٹا بھجوانے والے عملہ کیخلاف کارروائی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے سب کو ملکر کام کرنا ہوگا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب کے 36 اضلاع میں انسداد پولیو مہم 8 تا 14 جنوری جاری رہے گی جس کے دوران دو کروڑ 33 لاکھ بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے۔ بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کیلئے 84 ہزار سے زائد موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ پنجاب میں پولیو کے تمام ماحولیاتی نمونے نیگیٹو ہیں۔ انسداد پولیو پروگرام پنجاب کے سربراہ خضر افضال اور متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔

بقیہ 27

عناصر کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا تجاوزات ٹریفک میں خلل اور حادثات پر قابو پانے میں رکاوٹ بنتی ہے دوکاندار، ریڑھی بان، چھابہ فروش فٹ پاتھ اور سڑک سے قبضہ چھوڑ کر اپنا کاروبار کریں بصورت نتائج بھگتنے کے لئے تیار رہیں۔

بقیہ 28

منتقل کردی ہے ابھی تک متوفی کی لاش کی شناخت نہیں ہوسکی اور نہ ہی موت کا معمہ حل ہو سکا ہے۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق نوجوان کی موت زہریلا انجکشن لگنے سے ہوئی ہے۔ پولیس فتح شیر پوسٹ مارٹم کی روشنی میں تفتیش کررہی ہے۔

بقیہ 29

ہوئے ہیں۔ جاں بحق اور زخمیوں میں مرد اور خواتین شامل ہیں جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے

بقیہ 30

گیا۔ 517 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (70) فیصد (موٹرسائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد وشمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 3 8 4 ڈرائیوز، 0 3 کم عمر ڈرائیور، 349 مسافر اور 93 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعدادو شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 183 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 168 متاثرین کے ساتھ پہلے فیصل آباد 67 حادثات میں 65 متاثرین کے ساتھ دوسرے، ملتان 49 حادثات میں 65 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔

بقیہ 31

آر او کا فیصلہ برقرار رکھا گیا۔ اپیلٹ ٹریبونل کے جج جسٹس طارق ندیم نے صنم جاوید کی اپیلوں پر فیصلہ سنایا۔ واضح رہے کہ صنم جاوید نے جیل سے الیکشن لڑنے کا اعلان کرتے ہوئے این اے 119 اور 120 سے کاغذات جمع کروائے تھے۔ انہوں نے مریم نواز کے مقابلے میں بھی الیکشن لڑنے کا اعلان کیا تھا۔

بقیہ 32

سنایا جائے گا۔ بیرسٹر علی ظفر سابق چیئرمین پی ٹی آئی کی جانب سے عدالت میں پیش ہوئے۔ انہوں نے استدعا کی کہ ریٹرننگ آفیسر کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے۔ وکیل عمران خان نے کہا کہ آر او یہ فیصلہ نہیں کرسکتا کہ معاملہ مورل ٹرپیٹیوٹ کا ہے یا نہیں، کوئی شخص اہل ہے یا نہ اہل اس کے لیے شواہد چاہیے، چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کے معاملے میں آر او کے فیصلے میں ایسا کچھ نہیں تھا، 2018 میں خواجہ محمد آصف کیس کا حوالہ دینا چاہتا ہوں۔ ٹریبونل نے کہا کہ خواجہ محمد آصف کیس میں تنخواہ کا ذکر تھا، توشہ خانہ سے جو چیزیں لی گئیں، کیا ان کی تفصیلات دی گئی؟ ہم یہاں پر توشہ خانہ کیس کے میرٹ پر بات نہیں کررہے ہیں، جو پیسہ توشہ خانہ کی چیزیں بیچ کر حاصل کیا گیا وہ بتایا گیا تھا؟ ڈی جی لا نے دلائل میں کہا کہ ریٹرننگ آفیسر نے سرسری سماعت کرنا ہوتی ہے، ملزم سزا یافتہ ہو تو الیکشن نہیں لڑسکتا اور اسلام آباد ہائی کورٹ نے چیئرمین پی ٹی آئی کو نااہل قرار دیا ہے جبکہ سزا ختم نہیں کی بلکہ وہ برقرار ہے۔ ڈی جی لا نے کہا کہ ریٹرننگ آفیسر نے قانون مطابق کاغذات مسترد کیے اس لیے استدعا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی اپیل خارج کی جائے۔

بقیہ 33

کے مطابق زندہ مرغی کی فی کلو قیمت 410 روپے تک پہنچ گئی، ایک ہفتے میں انڈوں کی فی درجن قیمت میں 12 روپے سے زیادہ کا اضافہ کیا گیا۔ ادارہ شماریات کے مطابق فی درجن انڈوں کی قیمت 400 روپے تک پہنچ گئی، ایک ہفتے میں پیاز 6 روپے فی کلو تک مہنگا ہوا۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں چینی کی فی کلو قیمت میں 3 روپے تک کا اضافہ ہوا، ایک ہفتے میں دال مونگ کی فی کلو قیمت میں 5 روپے تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں گھریلو سلنڈر کی قیمت میں 39 روپے تک کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ایک ہفتے میں چاول، دال مسور، گڑ، جلانے کی لکڑی، مٹن اور بیف مہنگا ہوا۔

بقیہ 34

تعلیمی ٹاپ پوزیشن کو برقرار رکھتے ہوئے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکسلا سے بی ایس (2023) سافٹ ویئر انجینئرنگ میں ٹاپ کرتے ہوئے گولڈ میڈل اپنے نام کرلیا سیدن شیرازی کی نگری (چو آسیدن شاہ) سے تعلق رکھنے والی ماہ نور مختار کے والدین کا کہنا تھا کہ ماہ نور نرسری کلاس سے ہی ٹاپ پوزیشن ہولڈر رہی ہے سیدن شیرازی کی نگری (چو آسیدن شاہ) سے تعلق رکھنے والی ماہ نور مختار کے والدین کا کہنا تھا کہ ماہ نور نرسری کلاس سے ہی ٹاپ پوزیشن ہولڈر رہی ہے اور آج یونیورسٹی میں بھی گولڈ میڈل لیکر والدین کے ساتھ ساتھ ضلع چکوال کا نام دنیا بھر میں روشن کیا ماہ نور مختار کے گھر خوشی کا سماں عزیز و اقارب سمیت دوست احباب کیطرف سے مبارکباد کا سلسلہ جاری ٹیکنالوجی کے میدان میں ترقی سے ہم بحثیت قوم آگے بڑھ سکتے ہیں، بلیغ الرحمٰن ٹیکسلا گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کہا ہے کہ قوموں کی ترقی میں تعلیم کلیدی کردار ادا کرتی ہے، ٹیکنالوجی کے میدان میں ترقی کر کے ہم بحثیت قوم آگے بڑھ سکتے ہیں۔ یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکسلا ٹیکنالوجی کی تعلیم کے حصول میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یو ای ٹی ٹیکسلا کے اکیسویں کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ یو ای ٹی ٹیکسلا میں بی ایس سی گریجوایٹنگ ڈگری کے اکیسویں کانووکیشن کا انعقاد کیا گیا۔ کانووکیشن میں گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے بحثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ سویڈش انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے 80 طلبہ، ایپ کام کے 76 طلبہ اور ڈاکٹر اے کیو خان انسٹیٹیوٹ آف کمپیوٹر سائنسز اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے 35 طلبا کو اسناد دی گئیں۔ گورنر پنجاب نے طلباء میں میڈلز اور اسناد تقسیم کیں۔ کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کہا کہ یونیورسٹی کی جانب سے آن لائن کورسز کا اجراء مارچ میں کیا جارہا ہے، تعلیم کے ساتھ تربیت ہمارا نصب العین ہونا چاہیے۔ نوجوان معاشرے کا چہرہ ہیں۔ کردار ہی دنیا اور آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے، گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے یونیورسٹی کے احاطے میں سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک، سولر پلانٹ اور ای آر پی کمرشلائزیشن کا افتتاح کیا۔

بقیہ 35

یاد رہے کہ گزشتہ روز اسلام آباد کے علاقے غوری ٹاؤن میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مولانا مسعود الرحمٰن شہید ہوگئے تھے۔

بقیہ 36

نے کہا کہ کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر کیا جارہا ہے، والدین کم عمر ڈرائیوروں کی حوصلہ شکنی کریں، لائسنس کے اہل طلباء و طالبات کے لیے تعلیمی اداروں میں خصوصی کلاسز کا بھی آغاز کیا جارہا ہے، کم عمر ڈرائیور ناصرف اپنی بلکہ دیگر شہریوں کی زندگی کے لیے خطرے کا باعث ہیں، کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف پنجاب حکومت کے احکامات پر من وعن عمل کیا جارہا ہے۔

بقیہ 37

گیر ہڑتال کی کال دیدی ہے۔ اپوزیشن جماعتوں نے عوام سے ووٹ نہ ڈالنے کی بھی اپیل کی۔ پرتشدد واقعات کے دوران ڈھاکا میں 5 اسکولوں اور 4 پولنگ بوتھ کو آگ لگا دی گئی۔ پولیس نے واقعے کا ذمہ دار اپوزیشن کو قرار دے کر 7 ارکان گرفتار کرلیے، اپوزیشن نے پولیس کی جانب سے عائد کردہ الزامات مسترد کر دیے۔ اب تک بنگلا دیش نیشنل پارٹی کی مرکزی قیادت سمیت 11 ہزار افراد گرفتار کیے جاچکے ہیں جبکہ ہزاروں روپوش ہیں۔ اپوزیشن کے بائیکاٹ کی وجہ سے شیخ حسینہ واجد کی پانچویں بار وزیراعظم منتخب ہونے کی راہ ہموار ہوگئی ہے، اپوزیشن جماعتیں غیر جانبدار نگران حکومت اور حسینہ واجد کے استعفی کا مطالبہ کررہی ہیں۔ جبکہ عالمی برادری نے بھی متنازع انتخابات کے انعقاد پر اظہار تشویش کیا ہے۔

بقیہ 38

پولیس، ریسکیو 1122 کے افسران و اہلکاران موجود تھے۔

بقیہ 39

برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ایس پی پوٹھوہار نے کہا کہ پتنگ بازی جان لیوا کھیل ہے، پتنگ بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ 40

حنیف عباسی متوقع امیدوار ہونگے جبکہ این اے 57 سے سجاد خان اور دانیال تنویر چودھری کے درمیان پارٹی ٹکٹ کیلئے سخت مقابلہ جاری ہے، پارٹی قیادت کی ہدایت پر دونوں امیدواروں نے صوبائی اسمبلی کیلئے بھی کاغذات نامزدگی جمع کرا رکھے ہیں۔ صوبائی حلقوں کیلئے مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کے درمیان زیادہ اختلافات سامنے آرہے ہیں، مسلم لیگ (ن) کی جانب سے پی پی 14 سے ملک افتخار متوقع امیدوار ہونگے، پی پی 15 سے اسامہ تنویر اور ممبر کینٹ بورڈ رشید احمد خان، پی پی 16 سے ناصر بٹ اور سابق ایم پی اے ضیاء اللہ شاہ، کے درمیان ٹکٹ حاصل کرنے کے لیے سخت مقابلہ ہے، پی پی 17 سے شیخ ارسلان حفیظ اور سابق ایم پی اے راجہ حنیف ایڈووکیٹ، کے درمیان ٹکٹ کی دوڑ میں مقابلہ سخت ہے، پی پی 18 سے سجاد خان اور چودھری انعام مظفر جبکہ پی پی 19 سے دانیال تنویر چودھری، سابق ایم این اے شکیل اعوان، سابق ایم این اے حاجی پرویز، سابق ایم پی اے سرفراز افضل، سابق ایم پی اے ملک یاسر رضا سمیت کئی امیدوار میدان میں ہیں۔ سجاد خان نے کہا کہ اگر پارٹی نے تمام امیدواروں کو اعتماد میں نہ لیا تو موجودہ الیکشن میں بھی 2018ء کی طرح ن لیگ کے امیدواروں کا اصل مقابلہ آپس میں ہی ہوگا

بقیہ 41

جرمانہ۔ تفصیل کیمطابق اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف ضلع رحیم یارخان محمد سلطان انجم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ناجائز شکار تیتر میں مشغول تین شکاریوں کو گرفتار کرکے ان کیخلاف وائلڈ لائف ایکٹ کی خلاف ورزی پر چالان مرتب کیا اور کیس کمپاؤنڈ کرنیکی درخواست پر تینوں شکاریوں کو مبلغ چھتیس ہزار روپے محکمانہ معاوضہ کی مد میں جرمانہ کرکے کیس نمٹا دیئے۔ اسیطرح کی ایک دیگر کامیاب کارروائی کے دوران سالٹ رینج ریجن میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر وائلڈ لائف ضلع چکوال عدنان علی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ رات کی تاریکی میں موضع آڈھا کے مقام پر تیتر کے ناجائز شکار میں مشغول دو شکاریوں کو گرفتار کرکے انہیں مبلغ پینتیس ہزار روپے محکمانہ معاوضہ کی مد میں جرمانہ کیا۔ مزید برآں خطہ پوٹھوہار راولپنڈی ریجن میں ڈپٹی ڈائریکٹر وائلڈ لائف احسان احمد راجہ کی سربراہی میں وائلڈ لائف ٹیموں نے ماہ دسمبر کے دوران 128 غیر قانونی شکاریوں کے چالان کرکے مبلغ 23,19,450 روپے محکمانہ معاوضہ کی مد میں جرمانہ کیا جبکہ پانچ مقدمات عدالت کو بھیجے گئے نیز متفرق فیسوں کی وصولی سے مبلغ 6395290 روپے کا ریونیو میں اضافہ کیا۔

بقیہ 42

واقعی سزا دلوائی جائے گی، منظم و متحرک گینگ کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 43

الیکشن کمیشن کو بھجوادی گئی ہے۔ کامران خان کو ایڈیشنل آئی جی لوجسٹک اینڈ پروکیورمنٹ تعیناتی کی سمری ارسال اور عمران محمود کو ایڈیشنل آئی جی انٹرل اکاؤنٹیبلٹی تعینات کرنے کی سمری حکومت کو بھجوا دی گئی۔ الیکشن کمیشن کی اجازت کے بعد افسران کے تقرروتبادلوں کا نوٹیفکیشن جاری کردیا جائے گا۔

بقیہ 44

پی ٹی آئی رہنما کی کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کے خلاف اپیل منظور کی۔ یاد رہے کہ ریٹرننگ افسر نے پنجاب اسمبلی کی نشست پی پی 171 سے میاں اسلم کے کاغذات نامزدگی مسترد کردیے تھے۔ واضح رہے کہ لاہور ہائی کورٹ اپیلٹ ٹریبونل نے پی ٹی آئی کے رہنما حماد اظہر کے لاہور کے حلقہ این اے 129 اور پارٹی کارکن صنم جاوید کے حلقہ این اے 119، 120 اور پی پی 150 سے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کے خلاف اپیل بھی خارج کردی ہے۔

بقیہ 45

بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ جاوید اقبال کے خلاف کارروائی کریں گے، میں نے بھروسہ کیا، ثبوت دیئے تاہم انہوں نے سیاسی فائدہ اٹھایا، پی ٹی آئی نے اپنے نیب کے کیسز ختم کروائے۔ طیبہ گل نے کہا کہ 2022ء میں ادارہ محتسب میں سابق چیئرمین نیب جاوید اقبال و دیگر کیخلاف شکایت دی، چیئرپرسن ادارہ محتسب کشمالہ طارق نے میرا کیس سنجیدہ نہیں لیا۔ طیبہ گل نے کہا کہ جاوید اقبال نے سمجھوتہ کیا، پی ٹی آئی کے مخالفین کی گرفتاریاں کیں، مجھے 45 دن وزیر اعظم ہاؤس میں رکھا اور دھمکیاں دیں، مجھ سے پی ٹی آئی حکومت نے بلینک بیان حلفی لیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے نوٹس میں سب معاملہ تھا، مجھے انصاف کہیں نظر نہیں آیا، اعظم خان نے میرے دروازے پر پہرہ دینے کے لیے سیکیورٹی کھڑی کی تھی۔ طیبہ گل نے کہا کہ مجھے وزیر اعظم ہاؤس میں ہراساں کیا گیا، میرے پاس ثبوت ہیں، پی ٹی آئی حکومت نے ثبوتوں کو مٹانے کی کوشش کی۔

بقیہ 46

مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کی خصوصی ہدایت پر چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کی زیر صدارت ٹریفک ہیڈکوارٹرز فیض آباد میں لائسنس برانچ میں تعینات سٹاف کے ساتھ خصوصی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے ٹریفک سٹاف کے کام کو سراہا اور کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس ملک بھر میں ایک ماڈل پولیس فورس کی حیثیت سے جانی جاتی ہے لہذا اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے افسران و جوان دوران ڈیوٹی شہریوں کے ساتھ مہذب طریقے سے پیش آئیں، ڈرائیونگ کے حصول کے لئے آنے والے شہریوں کو ایک چھت تلے ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کو یقینی بناتے ہوئے مساوی سلوک رکھا جائے اور ڈرائیونگ ٹیسٹ میں میرٹ کو ملحوظ خاطر رکھا جائے، اس موقع پر انہوں نے افسران و جوانوں کو بھی ہدایات جاری کیں کہ ڈرائیونگ لرنر پرمٹ حاصل کرنے والے شاہراؤں پر شہریوں کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے متعلق آگاہی کی فراہمی کو یقینی بنائیں تا کہ شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ 47

چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم سجاد الدین سے 450 گرام چرس، ملزم علی سے 260 گرام چرس برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 48

ہے پر ٹرانسپورٹروں نے غریب عوام پر ترس نہ کھایا غریب عوام پہلے ہی دو وقت کی روٹی بمشکل سے پوری کررہی ہے اوپر سے ٹرانسپورٹروں کی کرایوں میں منمانیاں عروج پر ہیں اور انتظامیہ بھی ٹس سے مس نہیں ہورہی تحصیل پنڈدادن خان کی عوام نے مطالبہ کیا ہے ڈپٹی کمشنر جہلم ار ٹی اے سیکرٹری جہلم اور اسسٹنٹ کمشنر پنڈدادن خان سے کہ کرایہ زائد لینے والے ٹرانسپورٹروں کے خلاف فوری سخت سخت کاروائی کی جائے تاکہ غریب ادمی کو مجبوری میں کہیں سفر کرنا پڑے تو وہ زائد کرایہ دینے سے بچ سکے۔

بقیہ 49

4 لاکھ 60 ہزار 881 افغان باشندے اپنے ملک جاچکے ہیں۔ واضح رہے کہ کراچی سمیت دیگر شہروں میں غیر قانونی طور پر مقیم افراد کی بڑی تعداد موجود تھی جن کی وجہ سے سمگلنگ اور بھتہ خوری بہت عام تھی، تاہم قابل اطمینان امر یہ ہے کہ حکومت پاکستان اور عسکری قیادت کی مشترکہ کاوشوں سے ملک سے غیر قانونی افراد کا انخلاء جاری ہے۔

بقیہ 50

اڑان نہیں بھر سکے گی، پشاور سے دبئی پی کے 284 اور کراچی ای آر 551 بھی ٹیک آف نہ کرسکی۔ لاہور سے کوالالمپور پی کے 898، 899 اور دبئی پی کے 235 بھی منسوخ کردی گئی۔ ایوی ایشن کے مطابق اتحاد ایئرویز کی ابوظبی لاہور کی پرواز ای وائی 241، لاہور کوئٹہ پی کے 322، 323، کراچی پی آر 522، 523 بھی منسوخ کردی گئی جبکہ ملتان شارجہ پی آئی اے کی پروازیں 293 اور 294 بھی کینسل ہوگئی۔

بقیہ 51

زیادتی کے باعث جاں بحق ہوئے۔ پولیس اور فرانزک ٹیم کی کاروائی کے بعد لاشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کردی گئیں۔

بقیہ 52

نے کہا کہ پولیو وائرس کا خاتمہ ہم سب کا قومی فریضہ ہے اور اس وائرس کے مکمل خاتمہ میں پولیو ٹیموں اور والدین کا کردار انتہائی اہم کا حامل ہے۔ اس جلاس میں بتایا گیا کہ پولیو مہم کے دوران ضلع بھر کی 167 یونین کونسلوں میں 6 لاکھ 89 ہزار 411 پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچا کے دو قطرے پلائے جائیں گے جن کیلئے تین ہزار 36 موبائل، 206 فیکسڈ، 89 ٹرانزٹ مجموعی طور پر تین ہزار 331 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
08 جنوری 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 08 جنوری 2024 صبح 09:00 بجے تا شام 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، بنی گالا G-6/3، سپر مارکیٹ، آئی ایس آئی، برما، کھنہ ڈاک، کرپا، چھٹہ بختاور، ایف نائن پارک، G-10/1، I-10/1، I-8/1، پی ایچ اے 2، شاہ اللہ دتہ، رہاڑہ، سی ایم پاک زونگ، کری، آئیسولیشن ہسپتال، سنی بینک، سیسل، کوہالہ، پی کوٹریلہ، ٹی ڈی سی پی، پی اے ایف، پیر سوہاوہ، کری روڈ، سکیم 2، رہاڑہ، آزاد شہید، لہتراڑ روڈ، تامڑی، آئی ایس آئی، کھنہ 2، النور کالونی، نیو وحید آباد، کوہالہ، مورت، چکری، ایس پی ڈی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل 4th روڈ، اے بلاک، صادق آباد، نیشنل مارکیٹ، آفندی کالونی، خرم کالونی، کے آر ایل، طارق شہید، گلزار قائد، ضیاالحق، کمیٹی چوک، فوارہ چوک، صرافہ بازار، جناح روڈ، اقبال روڈ، امین ٹاؤن، اصغر مال، عزیز آباد، نیو ریس کورس، ڈھوک چوہدریاں، چیئرنگ کراس، کمال آباد، اظہر آباد، زرکون ہائٹس، نون، بینظیر بھٹو شہید، کمال آباد فیڈرز راولپنڈی کینٹ سرکل بینک روڈ 1، آدم جی روڈ، جیل پارک، جیل پارک 1، موڑہ نگیال، ٹوپی پمپ، پارک ویو، لالہ زار، اسٹیٹ بینک، گلشن آباد، مورت، قائد اعظم کالونی، کینٹ، پڑیال، منصور شہید، ساگری، لہتراڑ 2، کلر سیداں، نیو چوہ، فضل احمد، ناڑہ مٹور، گٹی، نیو کلیام، بنگالی، رامن، بھل، ریور گارڈن 2، 1، سواں گارڈن 2، 1، نیول 2، 1، فیڈرز، اٹک سرکل، مارگلہ، نواب آباد، جلالہ، میوزیم، ناصر شہید، شاہ اللہ دتہ، سرائے خربوزہ، پی ایم کالونی، لالہ زار، کرنل شیر خان، پتھر گھر، نرٹوپہ، موسی، بٹیاں، قاضی آباد، پاور چینل کمپنی، باغ نالیب، اٹک کینٹ، شمس آباد، ملووالی، سونی، کرپا، مسلم ٹاؤن، کسران، ساجد شہید، فتح جنگ سٹی 2، جنڈ 1،2، کمریال، احمدال، گگن، مقصود شہید، میرا شریف فیڈرز، چکوال سرکل، تھرپال، ملت چوک، جمال وال، ڈھرنکہ، منارہ، مین بازار، ڈیرہ مسلم، لطیفال، دروغی راجگان، پنوال، چوہ سیدان شاہ، ڈفر، کٹاس، ٹوبہ، پنڈ دادنخان، عبداللہ پور، نیلہ، لاوہ، مورت، ڈھوک پٹھان، کوٹ سارنگ، تھہی، ڈروٹ، میال، ونہار فیڈرز، جہلم سرکل عباس پورہ، شاہ اللہ شہید، سی ایم ایچ جہلم، شکریلہ، کوہار، فتح پور، پورن F-6، مشین محلہ، بوڑیاں، F-2 چپ بورڈ، انڈسٹریل، F-10 کالا بیں، دینہ 3، روہتاس، گڈاری، پڈیال، نیو سنگھوئی، کھوکھران، کھرولی، پنڈی متے خان، چھپر شریف، کنٹریلہ فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک تھرپال، کرپا فیڈر جی ایس او سرکل دن 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، کوہالہ، سنی بینک، گلدانہ، پی سی، صبح 09:00 بجے تادن 11:00 بجے تک، پنڈی پوائنٹ، باڑیاں، پبلک ہیلتھ، گھڑیال، پی اے ایف، اپرٹوپہ، لورہ، پٹریاٹہ، کمپنی باغ، سیسل ریسوٹ، لورہ 2، ایم سی ایم، ٹی ڈی سی پی، فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 53

گفتگو کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ گزشتہ روز ن لیگ نے سینیٹ میں قرارداد کی مخالفت جبکہ پی ٹی آئی نے حمایت کی، یہ لوگ اندر چپ رہتے ہیں، باہر نکل کر چیخیں مارتے ہیں، پی ٹی آئی والے الیکشن رکوانے کیلئے لاہور ہائی کورٹ تک گئے۔ ملک 9 مئی نہیں 28 مئی والوں کے سپرد ہوگا، ریاست 9 مئی والوں کے چہرے جانتی ہے، 9 مئی کو شرپسندوں نے ریاستی اداروں، ہسپتالوں اور پولیس پر حملے کئے، نومئی والوں پر آرٹیکل 6 لگنا چاہیے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ مسلم لیگ ن نے 2018 میں مشکل حالات میں الیکشن لڑا، بانی پی ٹی آئی نے آرٹیکل میں لکھا میری پارٹی کو لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں مل رہی، اصل میں نواز شریف کو کبھی لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں ملی۔ انہوں نے بانی پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی روک دی گئی، تم نے ملک کو ڈیفالٹ کیا، مہنگائی میں اضافہ کیا۔ لیگی رہنما نے کہا کہ 8 فروری کو الیکشن ہر صورت ہوں گے، ووٹ ایک بار پھر اچھے دن واپس لانے کیلئے دیا جائے، قائد ن لیگ پہلے کی طرح مہنگائی کا خاتمہ کریں گے، نواز شریف پاکستان کے عوام کیساتھ ملکر اس ملک کو ترقی کی راہ پر ڈالیں گے۔

بقیہ 54

چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کے 432 افسران سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، سینئر پولیس افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کریں گے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران الرٹ ڈیوٹی سرانجام دیں، اردگرد کے ماحول اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور امن وامان کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

بقیہ 55

کی وارداتوں میں ملوث 4 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں ذکر اللہ، نعمت، حیدر اور ریاض شامل ہیں، ملزمان سے چھینے گئے 3 موٹر سائیکل برآمد ہوئے، ملزمان کو شناخت پریڈ کے لئے جیل منتقل کیا جائیگا۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ شہریوں کی جان ومال پر حملے کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 56

گن اور کلہاڑیوں سے مسلح ہوکر گھر میں داخل ہوگئے۔ فائرنگ کر کے والدہ بیگم صفدر علی کو زخمی کر دیا اور دونوں بھائیوں حافظ کاشف علی اور ثاقب علی کو کلہاڑیاں مار کر شدید زخمی کر کے فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے۔ تینوں زخمیوں کو ہسپتال داخل کرا دیا ہے جہاں بیگم صفدر علی کی حالت نازک ہے۔ پولیس کسووال نے حافظ کاشف علی کی مدعیت میں مقدمہ 148,452,324 اور 149 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے ابھی تک ملزم گرفتار نہیں ہوسکے۔

بقیہ 57

بور معہ ایمونیشن برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 58

متعلق بھی وفاق یا صوبائی حکومتوں نے بھی کوئی پالیسی نہیں بنائی اور نہ ہی ایسے ریٹائرڈ ملازمین کے متعلق کسی کا خیال گیا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ وقت کے حاکموں کو چاہیے ایسے کسمپرسی کی زندگی گزارنے والے ریٹائرڈ ملازمین کے متعلق بھی کوئی لائحہ عمل طے کریں اور تمام ایسے افراد کے محکموں سے ریکارڈ منگوا کر انکی پنشنز بھی موجودہ وقت کے مطابق بڑھانے پر غور کریں تا کہ انکی زندگی کا گزر بسر احسن طریقے سے ہوسکے

بقیہ 59

سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران پانچ جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے شراب فروشی میں ملوث ایک ملزم محمد نعمان اختر کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 20 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ کراچی پولیس نے ملزم عبدالعقیل کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 128 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ شالیمار پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث ملزم غلام قادر کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 30 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ رمنا پولیس نے ایک ملزم ظہیر احمد کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے افیون برآمد کرلی، تھانہ لوہی بھیر پولیس نے ملزم عمر شہزاد کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک عدد 30 بور پستول معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 60

علی نے سیف ذوالفقار تلواروں کا ماڈل پیش کیا، آصف علی زرداری نے مقامی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی طاقت سے 8 فروری کو کامیابی حاصل کرے گی۔ سابق صدر نے کہا کہ پارلیمنٹ کی مضبوطی میں ہی جمہوریت کی فتح ہے، بطور صدر پاکستان تمام اختیارات کو پارلیمنٹ کو دیکر عوامی راج کی بنیاد رکھی، فصلی بٹیرے الیکشن کے دنوں میں عوام کو بےوقوف بنانے آجاتے ہیں، فصلی بٹیروں کو اس بار عبرتناک شکست ہوگی۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ ہمارا منشور مہنگائی اور بے روزگاری کا خاتمہ کرکے عوام کو خوشحال بنانا ہے، 26 جنوری کو میں اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ملتان آئیں گے اور جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔

بقیہ 61

تصادم کے بعد متعدد افراد گاڑیوں میں پھنس گئے جن کو نکالنے کیلئے ریسکیو آپریشن کیا گیا۔ ریسکیو 1122 ہری پور کی میڈیکل ٹیم زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ٹراما سینٹر منتقل کیا۔ ترجمان نے بتایا کہ ابتدائی معلومات کے مطابق حادثہ بس کے بریک فیل ہونے کی وجہ سے پیش آیا، بس مانسہرہ سے لاہور جارہی تھی۔

بقیہ 62

میں سنگین وارداتوں کا بازار گرم کر رکھا تھا ملزمان کے ساتھی ڈاکوؤں کو شناخت کرلیا گیا ہے جن کی گرفتاری کیلئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں زخمی ڈاکو اپنے ساتھی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہوا، جو پولیس کو درجن سے زائد سنگین وارداتوں میں مطلوب تھا ملزمان گگہ سرائے روڈ ڈاکو راہگیروں سے لوٹ مار کر رہے تھے پولیس موقع پر پہنچی تو ڈاکوؤں نے فائرنگ شروع کردی جس کے نتیجہ میں 1 ڈاکو اپنے ساتھی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہوگیا جسے پولیس نے موقع پر گرفتار کرلیا گرفتار زخمی ڈاکو کے قبضہ سے پسٹل برآمد ہوا مزید قانونی کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے ڈی ایس پی سرکل پتوکی عرفان اکبر بٹ نے امن پریس کلب پتوکی نوید بھٹی گروپ کے عہدیداروں کو بتایا کہ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کو جلد گرفتار کرلیا جائے۔

بقیہ 63

لائنز ہیڈکوارٹرز میں رینج کے تفتیشی افسران کے لیے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ پنجاب محمد طارق چوہان نے تفتیشی افسران کو جدید سائنٹفک انویسٹیگیشن ٹیکنیکس کے متعلق آگاہی لیکچر دیا، تربیتی ورکشاپ میں فرانزک سائنٹسٹ فیاض احمد، ڈی ایس پی ایڈمن شاہدہ یاسمین، انچارج آئی ٹی حماد ظفر سمیت رینج کے تفتیشی افسران، پی ایس اے اور ایس ایس اے سٹاف نے شرکت کی۔ ورکشاپ میں فرانزک سائنٹسٹ فیاض احمد نے تفتیشی افسران کو تفتیش میں سامنے آنے والی خامیوں، شواہد کو محفوظ بنانے، پارسل کی تیاری اور اس کی حفاظت اور اہمیت کے متعلق لیکچر دیا، انچارج آئی ٹی نے تفتیش میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال، ای مثل کی پولیس اسٹیشن ریکارڈ مینجمنٹ سسٹم میں تکمیل، کرائم پری وینشن ایپس کے استعمال اور افادیت کے متعلق آگاہی فراہم کی۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ پنجاب محمد طارق چوہان نے کہا کہ جرائم کے خاتمے اور روک تھام کے لیے ضروری ہے جرائم کی جڑ تک پہنچا جائے، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال جرائم کی روک تھام اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے میں اہمیت کا حامل ہے، موثر تفتیش اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے اور متاثرہ شخص کو انصاف فراہم میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

بقیہ 64

عوام پاکستان کے خلاف نہیں، مولانا فضل الرحمٰن کے سامنے اپنا اور افغان عوام کا مقدمہ رکھیں گے، ہم کبھی پاکستان اور اس کے عوام کے خلاف نہیں۔

ایک ہفتے میں مہنگائی کی شرح میں 0.81 فیصد کا اضافہ

19 اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 9 اشیاء کی قیمتوں میں کمی اور 23 کی قیمتوں میں استحکام رہا

ایک ہفتے میں چینی کی فی کلو قیمت میں 3 روپے تک کا اضافہ ہوا، ایک ہفتے میں دال مونگ کی فی کلو قیمت میں 5 روپے تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کر دیئے جس کے مطابق ایک ہفتے میں مہنگائی کی شرح میں 0.81 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، مہنگائی کی مجموعی شرح 42.86 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں 19 اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، ایک ہفتے میں 9 اشیاء کی قیمتوں میں کمی اور 23 کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں ٹماٹر کی فی کلو قیمت میں 21 روپے تک اضافہ ہو گیا۔ ادارہ شماریات کے مطابق ٹماٹر کی فی کلو قیمت مارکیٹ میں 124 روپے سے بڑھ گئی، ایک ہفتے میں زندہ مرغی کی فی کلو قیمت میں 50 روپے تک کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ادارہ شماریات (بقیہ نمبر 33)

ہونہار طالبہ ماہ نور مختار نے شعبہ تعلیم میں گولڈ میڈل اپنے نام کر لیا

یو اِی ٹی ٹیکسلا کے اکیسویں کانووکیشن میں گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی

چکوال (خاور شہزاد سے) ضلع چکوال تحصیل چوآ سیدن شاہ کی ہونہار طالبہ ماہ نور مختار ولد راجہ محمد مختار نے شعبہ تعلیم میں گولڈ میڈل اپنے نام کر لیا۔ یو اِی ٹی ٹیکسلا کے اکیسویں کانووکیشن میں گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی گورنر پنجاب نے طلباء طالبات میں گولڈ میڈل اور اسناد تقسیم کیں ماہ نور مختار ولد راجہ محمد مختار نے سابقہ (بقیہ نمبر 34)



پیپلز پارٹی کے رہنما یوسف رضا گیلانی کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں

بنگلہ دیش میں عام انتخابات، اپوزیشن کا بائیکاٹ

ڈھاکا میں 5 اسکول اور 4 پولنگ بوتھ نذر آتش، دو روزہ ملک گیر ہڑتال کا اعلان

ڈھاکہ (اے ایف پی) بنگلہ دیش میں عام انتخابات کیلئے جاری پولنگ کے دوران ڈھاکا میں 5 اسکولوں اور 4 پولنگ بوتھ کو آگ لگا دی گئی، اپوزیشن جماعتوں نے دو روزہ ملک گیر ہڑتال کی کال دیدی۔ اتوار کو بنگلہ دیش میں عام انتخابات کیلئے جاری پولنگ کے دوران اپوزیشن جماعتوں نے عام انتخابات کے بائیکاٹ اور دو روزہ ملک (بقیہ نمبر 37)

تحصیل دریا خان میں ٹریفک رولز سے آگاہی کیلئے خصوصی مہم کا آغاز

گاڑیوں پر ریفلکٹرز اور شدید دھند میں گاڑیوں کی رفتار آہستہ رکھی جائے

بھکر (ظفر اعوان) سیکریٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے خصوصی احکامات پر سوشل ویلفیئر کے ذیلی ادارہ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل دریا خان کے زیر اہتمام ٹریفک رولز سے آگاہی کیلئے خصوصی مہم کا آغاز کیا گیا ہے جس میں تمام مال بردار گاڑیاں ٹریکٹر ٹرالی، کار، رکشہ، موٹر بائیک وغیرہ کے ڈرائیورز حضرات کو ٹریفک رولز بارے آگاہ کیا گیا کہ تمام ڈرائیورز اپنے لائسنس بنوائیں، بیک مررز، ہیلمٹ کا استعمال، گاڑیوں پر ریفلکٹرز اور شدید دھند میں گاڑیوں کی رفتار آہستہ رکھی جائے اس حوالہ سے خصوصی طور پر ٹریفک رولز پر مبنی پمفلٹس بھی تقسیم کئے گئے۔ آگاہی مہم کے دوران سوشل ویلفیئر آفیسر راجہ آفتاب احمد، ٹریفک (بقیہ نمبر 38)

شہید مولانا مسعود عثمانی پر قاتلانہ حملے کا مقدمہ درج

اسلام آباد (این این آئی) سنی علما کونسل کے شہید رہنما مولانا مسعود الرحمٰن عثمانی پر قاتلانہ حملے کا مقدمہ اسلام آباد میں درج کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مقدمہ عبدالرحمٰن معاویہ کی مدعیت میں 4 نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کیا گیا جس میں 2 موٹر سائیکلوں پر سوار 4 حملہ آور ملزمان نامزد کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق تھانہ کھنہ میں مقدمہ قتل اور اقدام قتل سمیت سنگین دفعات کے تحت درج کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی، مزید 67 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر گزشتہ روز مزید 67 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے گزشتہ روز راولپنڈی پولیس نے 67 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے، خصوصی مہم کے دوران اب تک 5689 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ سی پی او سید خالد ہمدانی (بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی، 3 پتنگ باز گرفتار، قبضہ سے 64 پتنگیں اور ڈوریں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے پتنگ بازوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 پتنگ بازوں کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 64 پتنگیں اور ڈوریں برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ویسٹریج پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 03 پتنگ بازوں کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں بلال، عثمان اور حسنات شامل ہیں، ملزمان سے 64 پتنگیں اور ڈوریں (بقیہ نمبر 39)

ادارہ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل دریا خان کے زیر اہتمام ٹریفک رولز سے آگاہی کیلئے خصوصی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے

راولپنڈی، لیگی امیدواروں میں شدید اختلافات سامنے آ گئے

این اے 57 سے سجاد خان اور دانیال تنویر چودھری کے درمیان پارٹی ٹکٹ کیلئے سخت مقابلہ جاری ہے

پارٹی نے تمام امیدواروں کو اعتماد میں نہ لیا تو موجودہ الیکشن میں بھی 2018ء کی طرح ن لیگ کے امیدواروں کا اصل مقابلہ آپس میں ہی ہوگا، سجاد

راولپنڈی (چیف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے راولپنڈی شہر و کینٹ میں 8 فروری کو ہونیوالے عام انتخابات کیلئے قومی و صوبائی اسمبلی کے سرفہرست امیدواروں کے نام فائنل کر لئے تاہم حتمی اعلان سے پہلے مختلف حلقوں میں مبینہ طور پر شدید اختلافات سامنے آ گئے۔ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 55 سے ملک ابرار احمد اور این اے 56 سے (بقیہ نمبر 40)

جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار کی روک تھام کیلئے آپریشن جاری

رات کی تاریکی میں اور ناجائز شکار تیتر پر پانچ شکاریوں کے چالان، بھاری جرمانے عائد

لاہور (این این آئی) سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب مدثر وحید ملک کی خصوصی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل جنگلی حیات و پارکس پنجاب مبین الٰہی کی زیر قیادت محکمہ کا پنجاب بھر میں جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار کی روک تھام کیلئے آپریشن جاری ہے اور جس کے نتیجے میں صوبہ کے مختلف مقامات سے رات کی تاریکی اور ناجائز شکار تیتر کرنے پر پانچ شکاریوں کے چالانات، اکہتر ہزار روپے محکمانہ معاوضہ کی مد میں (بقیہ نمبر 41)

لاہور پولیس میں ایک اور ڈی آئی جی کی سیٹ کا اضافہ

حکومت نے ڈی آئی جی ایڈمنسٹریشن لاہور کی سیٹ کی منظوری دیدی

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس میں ایک اور ڈی آئی جی کی سیٹ کا اضافہ کر دیا گیا، حکومت نے ڈی آئی جی ایڈمنسٹریشن لاہور کی سیٹ کی منظوری دے دی۔ پولیس حکام کے مطابق ڈی آئی جی منتظر مہدی کی بطور ڈی آئی جی ایڈمنسٹریشن لاہور تعیناتی کا امکان ہے۔ جبکہ 2 ایڈیشنل آئی جیز کے تقرر و تبادلوں کی سمری بھی منظوری کے لئے (بقیہ نمبر 43)

45 دن مرضی کے بغیر مجھے شوہر سمیت وزیر اعظم ہاؤس میں حبس بیجا میں رکھا گیا

پی ٹی آئی کو ڈر تھا باہر گئی تو حقائق سب کو معلوم ہو جائیں گے، طیبہ گل

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین قومی احتساب بیورو (نیب) جاوید اقبال پر ہراسانی کا الزام لگانے والی طیبہ گل نے کہا ہے کہ 45 دن مرضی کے بغیر مجھے شوہر سمیت وزیر اعظم ہاؤس میں حبس بیجا میں رکھا گیا۔ طیبہ گل نے ایک انٹرویو میں بتایا میں میرا کیس سیاسی مقاصد کیلئے استعمال ہوا، پی ٹی آئی نے فائدہ اٹھایا، بانی پی ٹی آئی وزیر اعظم تھے تو وزیر اعظم ہاؤس سے کال آئی کہ وہ ملنا چاہتے ہیں۔ طیبہ گل نے کہا کہ پی ٹی آئی کو ڈر تھا کہ باہر گئی تو حقائق سب کو معلوم ہو جائیں گے، کوئی مدینہ کی ریاست نہیں تھی، لوگوں کو بے وقوف (بقیہ نمبر 45)

رتہ امرال پولیس کی کارروائی، 2 رکنی بائیک لفٹر گینگ سے 2 موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر کے چوری شدہ 2 موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 رکنی بائیک لفٹر گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں امجد اور واحد اللہ شامل ہیں، ملزمان سے چوری شدہ 2 موٹر سائیکل برآمد ہوئے۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار (بقیہ نمبر 42)

سابق وزیر اسلم اقبال کو الیکشن میں حصہ لینے کی اجازت مل گئی

لاہور (اے ایف پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما میاں اسلم اقبال کو الیکشن میں حصہ لینے کی اجازت مل گئی۔ کاغذات نامزدگی سے متعلق ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف اپیلوں پر سماعتوں کا سلسلہ جاری۔ لاہور ہائیکورٹ کے اپیلٹ ٹریبونل کے جج جسٹس طارق ندیم نے سابق وزیر میاں اسلم اقبال کے پی پی 171 سے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کا ریٹرننگ افسر کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ اپیلٹ ٹریبونل نے پی (بقیہ نمبر 44)

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

استحکام پاکستان پارٹی کے نائب صدر ہمایوں اختر انتخابی مہم کے سلسلے میں حلقے کا دورہ کر رہے ہیں

چیف ٹریفک آفیسر کی لائسنس برانچ میں تعینات سٹاف سے میٹنگ

ٹریفک سٹاف کی کارکردگی کو سراہا، مزید بہتری لانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کی زیر صدارت ٹریفک ہیڈ کوارٹرز فیض آباد میں لائسنس برانچ میں تعینات سٹاف سے خصوصی میٹنگ جس میں شہریوں کی سہولیات کیلئے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا، سی ٹی او نے ٹریفک سٹاف کی کارکردگی کو سراہا اور مزید بہتری لانے کے لئے خصوصی ہدایات بھی جاری کیں۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 46)

راولپنڈی سے 4 منشیات فروش گرفتار، چرس برآمد

نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے ساڑھے 4 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق صدرواہ پولیس نے ملزم علی ارشد سے 2 کلو 600 گرام چرس، ملزم قسیم سے 1 کلو 200 گرام (بقیہ نمبر 47)



جٹ ایڈ کمپنی

AC ڈائیو سروس نان سٹاپ

جلالپور شریف سے سرگودھا

جلالپور سے روانگی 6:50 بجے صبح

پنڈدادنخان روانگی 7:55 بجے صبح

سیٹ بکنگ کیلئے رابطہ نمبر 0342-8432806

سیٹ نمبر

تاریخ 2 / 11

سرگودھا سے واپسی 2:20 دوپہر

بھلوال 3:15 دوپہر

سالم 4:10 دوپہر

ٹرانسپورٹرز کی جانب سے زائد کرایوں کی وصولی جاری

پنڈدادنخان، انتظامیہ ٹرانسپورٹروں سے کرائے کم کرانے میں ناکام

پٹرول میں کمی کے باوجود کی ٹرانسپورٹ کرایوں میں کمی پر تیار نہ ہوئی، انتظامیہ خاموش تماشائی

کرایہ زائد لینے والے ٹرانسپورٹروں کے خلاف فوری سخت سے سخت کارروائی کی جائے

پنڈدادنخان (سرفراز عباس سے) ڈپٹی کمشنر جہلم ار ٹی اے سیکرٹری اور اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادن خان تحصیل پنڈدادن خان کے ٹرانسپورٹروں سے کرائے کم کروانے میں ناکام جب پٹرول کی قیمت 335 روپے تھی تب پنڈ دادن خان سے سرگودھا کا کرایہ 500 روپے تھا اب جب پٹرول کی قیمت 268 روپے ہے تو پنڈدادن خان سے کرایہ 550 ساڑھے پانچ سو روپے سواری لیا جا رہا ہے سرگودھا سے پنڈ دادن خان کا دو سواریوں کا 1100 روپے کرایہ کاٹا گیا ہے جبکہ پٹرول کی قیمت کم ہونے پر انتظامیہ کی جانب سے پنڈ دادن خان سے سرگودھا کا کرایہ 350 ساڑھے سو سے 400 کے درمیان رکھا گیا (بقیہ نمبر 48)

غیر قانونی افغانیوں کی واپسی جاری، مزید 693 افراد اپنے وطن چلے گئے

مجموعی طور پر 4 لاکھ 60 ہزار 881 افغان باشندے اپنے ملک جا چکے ہیں، اعداد و شمار

لاہور (این این آئی) پاکستان کے مختلف شہروں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 06 جنوری کو مزید 693 غیر قانونی افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے، واپس جانے والوں میں 200 مرد، 164 خواتین اور 329 بچے شامل ہیں۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت کے اعلان سے قبل بھی غیر قانونی افغان باشندوں کی کثیر تعداد گرفتاری کے ڈر سے پاکستان سے واپس افغانستان جاتی رہی تاہم سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 06 جنوری تک مجموعی طور پر (بقیہ نمبر 49)

جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن انٹرویو دے رہے ہیں

دھند کے باعث 22 ملکی و غیر ملکی پروازیں منسوخ

ایک ہفتے میں 250 پروازیں منسوخ، سینکڑوں متاثر ہو چکی ہیں

لاہور (این این آئی) دھند کے باعث مختلف ایئرپورٹس سے 22 ملکی و غیر ملکی پروازیں منسوخ کر دی گئیں، دھند کے باعث نئے سال کے پہلے ہفتے میں 250 پروازیں منسوخ اور سینکڑوں متاثر ہو چکی ہیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق اسلام آباد دوحہ پی کے 287، دبئی پی کے 233، مسقط پی کے 292 پرواز منسوخ کر دی گئی، اسلام آباد سے پی آئی اے کی العین کی پرواز پی کے 144 اور ابوظہبی کی 262 بھی منسوخ ہو گئی۔ پشاور سے مسقط کی پرواز پی کے 259، 260، ابوظہبی پی کے 217، 218، دوحہ پی کے 286 بھی (بقیہ نمبر 50)

وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم چلڈرن ہسپتال میں زیر علاج بچی کی عیادت کر رہے ہیں

لاہور، مختلف واقعات میں تین افراد جاں بحق

ٹاؤن شپ میں 46 سالہ شخص کو چھریوں کے وار کر کے قتل کیا گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں مختلف واقعات میں تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق ٹاؤن شپ، جمال چوک میں 46 سالہ شخص کو چھریوں کے وار کر کے قتل کیا گیا، متوفی کی شناخت عمران سلیم کے نام سے ہوئی۔ مسلم ٹاؤن موڑ سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی، سانده کے علاقہ ایم اے او کالج کے قریب سے 50 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی۔ جاں بحق ہونے والے دونوں افراد نشے کی (بقیہ نمبر 51)

سرگودھا میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم (آج) شروع ہوگی

وائرس کے خاتمہ میں پولیو ٹیموں اور والدین کا کردار انتہائی اہم کا حامل ہے، ڈپٹی کمشنر سرگودھا

سرگودھا (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سرگودھا کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی نے (آج) پیر سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو ورکرز ٹیموں کو مکمل سیکورٹی فراہم کی جائیگی اور تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنے اور اس عمل کی کڑی نگرانی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں (بقیہ نمبر 52)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ملک 9 مئی نہیں 28 مئی والوں کے سپرد ہوگا، مریم اورنگزیب

ریاست 9 مئی والوں کے چہرے جانتی ہے، 9 مئی کو شرپسندوں نے ریاستی اداروں، ہسپتالوں اور پولیس پر حملے کئے، نو مئی والوں پر آرٹیکل 6 لگنا چاہیے

بانی پی ٹی آئی نے آرٹیکل میں لکھا میری پارٹی کو لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں مل رہی، اصل میں نواز شریف کو کبھی لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں ملی

لاہور (اے ایف پی) رہنما مسلم لیگ ن اور سابق وفاقی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ملک 9 مئی نہیں 28 مئی والوں کے سپرد ہوگا۔ عدالتوں سے بھاگنے والا اب الیکشن سے بھاگ رہا ہے، پاکستان کے عوام چاہتے ہیں کہ الیکشن مقررہ وقت پر ہوں، انتخابات ضرور ہوں گے، الیکشن سے کسی کو بھاگنے نہیں دیں گے۔ لاہور میں انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے (بقیہ نمبر 53)

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

راولپنڈی پولیس کے 432 افسران سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات کئے گئے، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کے 432 افسران سیکورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، سینئر پولیس افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی، رتہ امرال پولیس کی کارروائی

سٹریٹ کرائم میں ملوث 4 رکنی گینگ گرفتار، چھینے گئے 3 موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 4 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے چھینے گئے 3 موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم (بقیہ نمبر 55)

مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف سے لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر ملاقات کر رہے ہیں

ساہیوال، سیاسی رنجش، خاتون کو گولی ماردی، دو بیٹے زخمی

ساہیوال (این این آئی) نواحی چک 41 چودہ ایل میں سیاسی رنجش کی بنا پر گھر میں داخل ہو کر ایک خاتون کو گولی مار دی، حافظ قرآن بھائی سمیت دو شدید زخمی ہو گئے۔ واقعات کے مطابق اسی چک کے حافظ کاشف علی اور شہباز احمد کے درمیان سیاسی رقابت چلی آ رہی تھی کہ گزشتہ شام شہباز احمد، اصغر علی، اسد علی، راشد، شاہ نواز اور تین نامعلوم مسلح افراد پمپ ایکشن (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 3 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم ریاض سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، پیرودھائی پولیس نے ملزم سرمد سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم نعمان سے 1 پستول 30 (بقیہ نمبر 57)

ریٹائرڈ ملازمین انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور

حاکم وقت ایسے ملازمین کے متعلق کوئی لائحہ عمل طے کر کے انکی پنشنز میں خاطر خواہ اضافہ کریں حاجی صابر قریشی

لڑکیاں آرٹ ٹیکسٹ گیلری میں بلوچی آرٹسٹ کبیر خان کی پینٹنگز کی نمائش دیکھ رہی ہیں

گوجر خان (قمر شہزاد) ریٹائرڈ کاروباری سماجی شخصیت حاجی صابر قریشی نے اپنے ایک بیانیے میں کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کے منشور عرصہ دراز سے سنتے ہوئے آ رہے ہیں جس میں کوئی روٹی کپڑا مکان، کوئی روڈز بنانے، کوئی لیپ ٹاپ دینے، کوئی دیگر سکیل اور کبھی ریگولر ملازمین کی برائے نام تنخواہیں بڑھانے کے دعوے کیے جاتے ہیں لیکن کبھی کسی پارٹی نے مخصوص ایسے پنشنرز جو کسی بھی وجہ سے تھوڑی نوکری کر کے چھوڑ دیتے ہیں یا نکال دیئے جاتے ہیں جن کو خاطر خواہ پنشن دی جاتی ہے جس سے وہ اس مہنگائی کے دور میں ایک جوڑا کپڑوں کا نہیں خرید سکتے انکے (بقیہ نمبر 58)

پانچ جرائم پیشہ عناصر سے منشیات، شراب اور اسلحہ برآمد

بھاری مقدار میں منشیات، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں کرتے ہوئے پانچ جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں منشیات، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل (بقیہ نمبر 59)

الیکشن میں فصلی بٹیروں کو عبرتناک شکست ہوگی، آصف زرداری

پیپلز پارٹی عوامی طاقت سے 8 فروری کو کامیابی حاصل کرے گی

ملتان (آئی آئی پی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے صدر آصف علی زرداری نے ملتان سے روانگی سے قبل پیپلز پارٹی ملتان کے مقامی قائدین سے ملاقات کی۔ آصف زرداری سے ملاقات کے موقع پر پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب کے سینئر نائب صدر خواجہ رضوان عالم، چیف کوآرڈینیٹر جنوبی پنجاب عبدالقادر شاہین اور ضلعی جنرل سیکرٹری راؤ ساجد (بقیہ نمبر 60)

ٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری این اے 127 فیروزپور روڈ جنرل ہسپتال میٹرو چوک پر الیکشن آفس کے افتتاح کے بعد خطاب کر رہے ہیں

ہری پور، کار اور بس کے درمیان خوفناک تصادم، چار افراد جاں بحق، سات زخمی

ہری پور (این این آئی) ہزارہ موٹر وے پر ہری پور اور شاہ مقصود انٹرچینج کے درمیان بس اور کار میں خوفناک تصادم کے نتیجے میں چار افراد جاں بحق اور سات زخمی ہو گئے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق بس اور کار کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق اور سات زخمی ہو گئے۔ زخمیوں اور لاشوں کو فوری طور پر مقامی ہسپتال میں منتقل کر دیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق (بقیہ نمبر 61)

چوکی مبینہ پولیس مقابلہ 1 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار 4 ڈاکو موقع سے فرار ہو گئے

چوکی (این این آئی) چوکی مبینہ پولیس مقابلہ 1 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار 4 ڈاکو موقع سے فرار ہو گئے پولیس نے زخمی ڈاکو کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ تحصیل چوکی کے علاقہ تھانہ صدر پھولنگر کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ، 1 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار 4 ڈاکو موقع سے فرار ہو گئے زخمی ڈاکو کی شناخت صابر عرف صابو اوڈھ سکنہ جلیانہ لاہور کے نام سے ہوئی ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق ملزمان نے پھولنگر، کوٹ رادھا کشن اور سرائے مغل کے علاقوں (بقیہ نمبر 62)

پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تفتیشی افسران کیلئے تربیتی ورکشاپ

تفتیشی افسران کو جدید سائنٹفک انوسٹیگیشن ٹیکنیکس کے متعلق آگاہی لیکچر دیا گیا

جرائم کے خاتمے، روک تھام کیلئے ضروری ہے جرائم کی جڑ تک پہنچا جائے، ایڈیشنل آئی جی محمد طارق چوہان

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں رینج کے تفتیشی افسران کیلئے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ پنجاب محمد طارق چوہان نے تفتیشی افسران کو جدید سائنٹفک انوسٹیگیشن ٹیکنیکس کے متعلق آگاہی لیکچر دیا، تربیتی ورکشاپ میں فارانزک سائنٹسٹ فیاض احمد، ڈی ایس پی ایڈمن، انچارج آئی ٹی سمیت رینج کے تفتیشی افسران، پی ایس اے اور ایس ایس اے سٹاف نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس (بقیہ نمبر 63)

افغان حکومت اور عوام پاکستان کے خلاف نہیں، ذبیح اللہ مجاہد

مولانا فضل الرحمٰن کو پاکستان بارے اپنے موقف سے آگاہ کریں گے

ان کے سامنے اپنا اور افغان عوام کا مقدمہ رکھیں گے ترجمان افغان حکومت

کابل (اے ایف پی) ترجمان افغان حکومت ذبیح اللہ مجاہد کا کہنا ہے کہ افغان حکومت اور عوام پاکستان کے خلاف نہیں ہیں، ہم کبھی پاکستان اور اس کے عوام کے خلاف نہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ترجمان افغان حکومت ذبیح اللہ مجاہد کا کہنا تھا کہ جمعیت علما اسلام (جے یو آئی) کے امیر مولانا فضل الرحمٰن کو دورے کی دعوت امارت اسلامی نے دی ہے۔ ترجمان افغان حکومت نے بتایا کہ حکومت مولانا فضل الرحمٰن کو پاکستان کے بارے میں اپنے موقف سے آگاہ کرے گی۔ ذبیح اللہ مجاہد کا کہنا تھا کہ افغان حکومت اور (بقیہ نمبر 64)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035